شش دہ سورۂ شریف

مع

مجموعہ وظائف

قدرت اللہ

Surah Kahf

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا

هُوَاللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهٗ وہ اللہ	اَلَّذِیْ لَآ اِلٰهَ جَلَّ جَلَالُهٗ کہ نہیں کوئی معبود	اِلَّا هُوَ جَلَّ جَلَالُهٗ مگر وہ	اَلرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُهٗ بڑا مہربان	اَلرَّحِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ نہایت رحم والا	اَلْمَلِكُ جَلَّ جَلَالُهٗ بادشاہ
اَلْقُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُهٗ پاک	اَلسَّلَامُ جَلَّ جَلَالُهٗ سلامت رکھنے والا	اَلْمُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ امن دینے والا	اَلْمُهَيْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ نگہبان	اَلْعَزِيْزُ جَلَّ جَلَالُهٗ غالب	اَلْجَبَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ زبردست
اَلْمُتَكَبِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ بڑائی والا	اَلْخَالِقُ جَلَّ جَلَالُهٗ پیدا کرنے والا	اَلْبَارِئُ جَلَّ جَلَالُهٗ عالم کا بنانے والا	اَلْمُصَوِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ صورت بنانے والا	اَلْغَفَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ بخشنے والا	اَلْقَهَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ زبردست
اَلْوَهَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ بہت دینے والا	اَلرَّزَّاقُ جَلَّ جَلَالُهٗ رزق دینے والا	اَلْفَتَّاحُ جَلَّ جَلَالُهٗ کھولنے والا	اَلْعَلِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ جاننے والا	اَلْقَابِضُ جَلَّ جَلَالُهٗ بند کرنے والا	اَلْبَاسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ کھولنے والا
اَلْخَافِضُ جَلَّ جَلَالُهٗ پست کرنے والا	اَلرَّافِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ بلند کرنے والا	اَلْمُعِزُّ جَلَّ جَلَالُهٗ عزت دینے والا	اَلْمُذِلُّ جَلَّ جَلَالُهٗ خوار کرنے والا	اَلسَّمِيْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ سننے والا	اَلْبَصِيْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ دیکھنے والا
اَلْحَكَمُ جَلَّ جَلَالُهٗ حاکم	اَلْعَدْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ عدل کرنے والا	اَللَّطِيْفُ جَلَّ جَلَالُهٗ باریک بین	اَلْخَبِيْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ خبردار	اَلْحَلِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ بُردبار	اَلْعَظِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ بزرگ
اَلْغَفُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ بخشنے والا	اَلشَّكُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ شکر پسند	اَلْعَلِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ بلند	اَلْكَبِيْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ بڑا	اَلْحَفِيْظُ جَلَّ جَلَالُهٗ نگہبان	اَلْمُقِيْتُ جَلَّ جَلَالُهٗ قوت دینے والا
اَلْحَسِيْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ کافی	اَلْجَلِيْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ بزرگ	اَلْكَرِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ سخی	اَلرَّقِيْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ نگہبان	اَلْمُجِيْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ قبول کرنے والا	اَلْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ فراخی دینے والا

اَلْحَكِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ حکمت والا	اَلْوَدُوْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ دوست بڑا	اَلْمَجِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ بزرگ	اَلْبَاعِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ اٹھانے والا	اَلشَّهِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ گواہ	اَلْحَقُّ جَلَّ جَلَالُهٗ سچا
اَلْوَكِيْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ کارساز	[illegible] [illegible] [illegible] والا	اَلْمَتِيْنُ جَلَّ جَلَالُهٗ مضبوط	اَلْوَلِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ دوست	اَلْحَمِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ قابلِ تعریف	اَلْمُحْصِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ گھیرنے والا
[illegible] جَلَّ جَلَالُهٗ پہلے پیدا کرنیوالا	اَلْمُعِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ دوبارہ پیدا کرنیوالا	اَلْمُحْيِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ زندہ کرنے والا	اَلْمُمِيْتُ جَلَّ جَلَالُهٗ مارنے والا	اَلْحَيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ زندہ	اَلْقَيُّوْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ ہمیشہ رہنے والا
اَلْوَاجِدُ جَلَّ جَلَالُهٗ پانے والا	اَلْمَاجِدُ جَلَّ جَلَالُهٗ بزرگی والا	اَلْوَاحِدُ جَلَّ جَلَالُهٗ ایک	اَلْاَحَدُ جَلَّ جَلَالُهٗ اکیلا	اَلصَّمَدُ جَلَّ جَلَالُهٗ بے نیاز	اَلْقَادِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ قدرت والا
اَلْمُقْتَدِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ صاحبِ قدرت کا	اَلْمُقَدِّمُ جَلَّ جَلَالُهٗ پہلا	اَلْمُؤَخِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ پچھلا	اَلْاَوَّلُ جَلَّ جَلَالُهٗ اوّل	اَلْاٰخِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ آخر	اَلظَّاهِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ آشکارا
اَلْبَاطِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ پوشیدہ	اَلْوَالِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ کارساز	اَلْمُتَعَالِ جَلَّ جَلَالُهٗ برتر	اَلْبَرُّ جَلَّ جَلَالُهٗ احسان کرنے والا	اَلتَّوَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ توبہ قبول کرنیوالا	اَلْمُنْتَقِمُ جَلَّ جَلَالُهٗ بدلہ لینے والا
اَلْعَفُوُّ جَلَّ جَلَالُهٗ معاف کرنے والا	اَلرَّءُوْفُ جَلَّ جَلَالُهٗ بہت مہربان	مَالِكُ الْمُلْكِ جَلَّ جَلَالُهٗ مالک ملک کا	ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ جَلَّ جَلَالُهٗ صاحبِ بزرگی و بخشش کا	اَلْمُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ عدل کرنے والا	اَلْجَامِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ جمع کرنے والا
اَلْغَنِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ بے پرواہ	اَلْمُغْنِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ دولت مند کرنے والا	اَلْمَانِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ منع کرنے والا	اَلضَّارَّ جَلَّ جَلَالُهٗ ضرر دینے والا	اَلنَّافِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ نفع دینے والا	اَلنُّوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ روشنی والا
اَلْهَادِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ راہ دکھانے والا	اَلْبَدِيْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ نیا پیدا کرنیوالا	اَلْبَاقِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ ہمیشہ رہنے والا	اَلْوَارِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ مالک	اَلرَّشِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ راہنما	اَلصَّبُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ بڑا تحمل والا

ارشاداتِ ربّانی

ہماری آیتوں پر تو وُہی لوگ ایمان لاتے ہیں
کہ جب اُن کو اُن سے نصیحت کی جاتی ہے تو سجدے
میں گِر پڑتے اَور اپنے پَروردگار کی تعریف کے ساتھ
تسبیح کرتے ہیں اور غرُور نہیں کرتے : اُن کے پہلُو
بچھونوں سے الگ رہتے ہیں اور وُہ اپنے پروردگار
کو خوف اور اُمید سے پکارتے ہیں اور جو مال ہم نے
اُن کو دیا اُس میں سے خرچ کرتے ہیں ؛

سُورۃ السجدۃ ۱۵ تا ۱۶

قدرت اللہ

شش دہ
سورہ شریف
مع
مجموعہ وظائف

قدرت اللہ کمپنی ۔ اردو بازار ۔ لاہور

فہرس سورتہائے وظائف و ادعیہ

نمبر شمار		صفحہ نمبر
۱	فہرس	۲
۲	فضائل وخواص	۳
۳	سورۃ الکہف	۷
۴	سورۃ یٰسٓ	۳۹
۵	سورۃ الفتح	۵۵
۶	سورۃ الرحمٰن	۶۸
۷	سورۃ الواقعہ	۷۶
۸	سورۃ التغابن	۸۵
۹	سورۃ الملک	۹۰
۱۰	سورۃ نوح	۹۷
۱۱	سورۃ الجن	۱۰۲
۱۲	سورۃ المزمّل	۱۰۸
۱۳	سورۃ النّبا	۱۱۲
۱۴	ہفت ہیکل	۱۱۶
۱۵	سورۃ الطارق	۱۲۶
۱۶	سورۃ اللھب	۱۲۷
۱۷	سورۃ الاخلاص	۱۲۸
۱۸	سورۃ الناس	۱۲۹
۱۹	شش قفل	۱۳۰
۲۰	اسماء الحسنیٰ	۱۳۴
۲۱	اسماء النبیؐ صلی اللہ علیہ وسلم	۱۳۷
۲۲	مناجاتِ عربی	۱۴۰
۲۳	درود تاج	۱۴۱
۲۴	درود لکھی	۱۴۵
۲۵	عہد نامہ	۱۵۳
۲۶	دعائے گنج العرش	۱۵۵
۲۷	درود اکبر	۱۶۹
۲۸	درود ناریہ	۱۸۶
۲۹	درود تنجّینا	۱۸۷
۳۰	درود شریف قبرستان	۱۸۸
۳۱	درود ہزاری۔ وظائف مسنونہ	۱۸۹
۳۲	تعویذ نظر بد۔ دعائے دفع بخار	۱۹۰
۳۳	دعائے امن۔ دعائے دردسر	۱۹۱
۳۴	دعائے نور	۱۹۲
۳۵	دعائے جمیلہ	۱۹۳
۳۶	دعائے حل المشکلات	۱۹۵
۳۷	دعائے استخارہ	۱۹۶
۳۸	دعائے ادائے قرض	۱۹۷
۳۹	دعائے سجدۂ تلاوت	۱۹۷
۴۰	دعائے ماثورہ	۱۹۸

فضائل و خواص

سورہ کہف جو شخص مقروض ہو جمعہ کے روز جمعہ کی نماز کے بعد سورۂ کہف کی سات بار تلاوت کرے

۷ تا ۳۸

۱۲۶۳۷۱	۱۲۶۳۸۵	۱۲۶۳۸۲	۱۲۶۳۷۹
۱۲۶۳۸۳	۱۲۶۳۷۸	۱۲۶۳۷۲	۱۲۶۳۸۴
۱۲۶۳۷۷	۱۲۶۳۸۰	۱۲۶۳۸۷	۱۲۶۳۷۳
۱۲۶۳۸۶	۱۲۶۳۷۴	۱۲۶۳۷۶	۱۲۶۳۸۱

اور خدا کے حضور دعا کرے تو اسکا قرضہ اُتر جائے گا۔ جو کوئی اس سورہ کو شب جمعہ میں پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ایسا نور عطا فرمائیں گے جو بیت اللہ شریف تک پہنچے گا اور اس کے گناہ معاف کیے جائیں گے اس کی مداومت سے طاعون، برص، جذام اور فتنہ دجال سے محفوظ رہے گا۔ کشادگی رزق کیلئے ہر روز صبح پڑھیں، اسکی آخری دس آیات پڑھنے کی سخت تاکید ہے۔ زبان بندی اور حفاظت طبیات کے لیے لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ اس نقش کو لکھ کر اگر حاملہ کے گلے میں ڈال دیا جائے تو حمل ساقط نہ ہوگا۔

سورہ یٰسٓ یہ سورت قرآن مجید کا دل ہے اس کے فضائل بہت ہیں جو شخص اپنے رب کی رضا

۳۹ تا ۵۴

۴۲۳	۴۵۳	۴۲۰	۴۵۱	۴۴۹	۴۱۸
۴۴۲	۴۲۸	۴۴۵	۴۴۴	۴۲۵	۴۲۹
۴۴۱	۴۳۷	۴۳۳	۴۳۲	۴۳۴	۴۳۶
۴۳۰	۴۳۱	۴۳۹	۴۳۸	۴۴۰	۴۳۵
۴۲۴	۴۴۶	۴۲۶	۴۲۷	۴۴۳	۴۴۷
۴۵۳	۴۱۹	۴۵۰	۴۲۱	۴۲۲	۴۴۸

کے لیے اس کو پڑھے گا وہ بخشا جائے گا اس کی تلاوت سے غم اور بڑائیاں دُور ہوتی ہیں۔ حصولِ برکت، کشائش رزق، فلاح دارین اور حاجتیں پوری ہونے کیلئے اس کی تلاوت فائدہ مند ہے جو شخص صبح کے وقت اسے پڑھے گا اسکی دن بھر کی حاجتیں پوری ہو جائیں گی۔ مریض کے پاس پڑھنے سے اسکو شفا ہوگی۔ حالت نزع میں اس کے پاس پڑھنے سے جان کنی میں آسانی ہوگی۔ اگر کوئی شخص اس کا تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو ہر دل عزیز ہوگا۔ لوگوں میں قدر و منزلت ہوگی، مال میں برکت ہوگی اور دشمن سرنگوں ہوگا۔ حاکم جابر سے محفوظ رہے گا۔ مریض صحت یاب ہوگا۔ اور بے گناہ قیدی رہائی پائے گا۔

یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ

سورہ فتح دشمن پر فتح پانے کے لیے نماز

۵۵ تا ۶۷

۴۷۱۹۹	۴۷۲۱۳	۴۷۲۱۰	۴۷۲۰۶
۴۷۲۱۱	۴۷۲۰۵	۴۷۲۰۰	۴۷۲۱۲
۴۷۲۰۴	۴۷۲۰۸	۴۷۲۱۵	۴۷۳۰۱
۴۷۲۱۴	۴۷۲۱۳	۴۷۲۰۳	۴۷۲۰۹

ظہر کے بعد اس سورۃ کو اکتالیس بار پڑھنا بڑا اثر رکھتا ہے رمضان شریف کا چاند دیکھ کر اس سورت کو تین بار پڑھنا باعث کشادگی رزق ہے کشتی یا جہاز میں سفر کرتے وقت پڑھنے سے ڈوبنے

سے بچے رہیں گے جو شخص جنگ کے وقت اس سورت کے تعویذ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا وہ محفوظ رہے گا۔

۳۰۲۹۶	۳۰۳۰۹	۳۰۳۰۶	۳۰۳۰۳
۳۰۳۰۷	۳۰۳۰۲	۳۰۲۹۷	۳۰۳۰۸
۳۰۳۰۱	۳۰۳۰۴	۳۰۳۱۱	۳۰۲۹۸
۳۰۳۱۰	۳۰۲۹۹	۳۰۳۰۰	۳۰۳۰۵

سورۂ الرّحمٰن قرآن مجید کی زینت سورۃ الرحمٰن ہے آنکھ کے درد اور طحال کے مریض پر پڑھ کر دم کریں تو صحت ہوگی اگر کوئی اسے گیارہ مرتبہ پڑھے تو دلی مراد حاصل ہو جو شخص اسے روزانہ پڑھے گا اس کا چہرہ قیامت کے دن چودھویں کے چاند کی طرح چمکے گا حاجت براری کیلئے اس کا نقش گلے میں باندھیں تو مقصد پورا ہوگا اسکا نقش لکھ کر پانی سے دھوئیں اور ادھر اُدھر دیواروں پر چھڑکا دیں تو مُوذی جانور بھاگ جائینگے۔

۶۸ تا ۷۵

سورۂ واقعہ اس سورت کا پڑھنے والا غنی ہو جاتا ہے۔ رات کو سونے سے قبل اس کی تلاوت کرنے والا فاقہ کا شکار نہ ہوگا۔ حصولِ مقصد اور حصولِ رزق کے لیے اسے ایک نشست میں اکتالیس بار پڑھیں تو مراد پوری ہوگی۔ اس سورت کو لکھ کر باندھنے سے ولادت میں آسانی ہوگی۔

۲۵۷۳۳	۲۵۷۴۷	۲۵۷۴۴	۲۵۷۴۱
۲۵۷۴۵	۲۵۷۴۰	۲۵۷۳۴	۲۵۷۴۶
۲۵۷۳۹	۲۵۷۴۲	۲۵۷۴۹	۲۵۷۳۵
۲۵۷۴۸	۲۵۷۳۶	۲۵۷۳۸	۲۵۷۴۳

۳۶ تا ۸۴

سورۂ تغابن سورۂ تغابن کو پانی پر دم کر کے مکان کے در و دیوار پر چھڑکنے سے طاعون، ہیضہ اور آسیب وغیرہ کے لیے مفید بتایا جاتا ہے۔ اگر کوئی اس کو پڑھ کر کسی ظالم کے پاس جاوے تو اس کے ظلم کے شر سے محفوظ رہے۔ نقش مکرّم یہ ہے۔

۱۹۹۲۷	۱۹۹۴۱	۱۹۹۳۸	۱۹۹۳۵
۱۹۹۳۹	۱۹۹۳۴	۱۹۹۲۸	۱۹۹۴۰
۱۹۹۳۳	۱۹۹۳۶	۱۹۹۴۳	۱۹۹۲۹
۱۹۹۴۲	۱۹۹۳۰	۱۹۹۳۲	۱۹۹۳۷

۸۵ تا ۸۹

سورۂ ملک سورہ ملک کو رویت ہلال کے وقت تلاوت کرنے والا پورا مہینہ امن سے رہے گا جو کوئی بعد از نماز عشاء سونے سے قبل اس سورت کی تلاوت کرے گا وہ عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا سکرات سے امن پائے گا مغفرت نصیب ہوگی۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا روزانہ معمول تھا کہ اس کی تلاوت کے بغیر آرام نہ فرماتے تھے آشوبِ چشم کے لیے تین روز متواتر پڑھ کر دم کرنا بھی مفید ہے اس کا نقش حصولِ مقصد کے لیے مفید ہے۔

۳۳۲۰۱	۳۳۱۹۴	۳۳۱۹۹	
۳۳۱۹۶	۳۳۱۹۸	۳۳۲۰۰	
۳۳۱۹۷	۳۳۲۰۲	۳۳۱۹۵	

۹۰ تا ۹۶

سورہ نوح اگر کسی سخت دشمن سے ہنگامہ ہو جائے اور دفعیہ اس کا ناممکن ہو تو ایک ہزار بار سورہ نوح پڑھیں یا بہت سے آدمی جن کی

۱۸۵۷۱	۱۸۵۸۴	۱۸۵۸۱	۱۸۵۷۸
۱۸۵۸۲	۱۸۵۷۷	۱۸۵۷۲	۱۸۵۸۳
۱۸۵۸۶	۱۸۵۷۹	۱۸۵۷۶	۱۸۵۷۳
۱۸۵۸۵	۱۸۵۷۴	۱۸۵۷۵	۱۸۵۸۰

۹۷ تا ۱۰۱

تعداد طاق ہو تو ایک جلسہ میں بیٹھ کر ختم کریں یا دو تین روز میں ختم کریں دشمن ہلاک ہو جائیں گے اگر نقش اس کا اپنے پاس رکھا جائے گا تو رنج و غم سے نجات حاصل ہو نیز اولاد نرینہ اور بارش کے لیے بھی مفید ہے۔

سورۂ جن ۱۰۲ تا ۱۰۷ اگر کسی شخص کو آسیب ہو گیا ہو تو سورۂ جن کو سات بار پڑھ کر سات یوم تک دم کریں۔ آسیب بھاگ جائیگا اور جن و پری کے تسخیرات کے لیے سات سو بار پڑھیں جن قابو آجائے گا یا ایک ہزار سات نقش سورۂ جن کے لکھیں تو جن و پری مسخر ہو جائیں گے اگر قیدی سورۂ جن کو پڑھے تو بہت جلد رہائی پائے۔

۷۸۶

۲۰۲۱۳	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۲
۲۰۲۱۴	۲۰۲۱۱	۲۰۲۰۹
۲۰۲۰۸	۲۰۲۱۵	۲۰۲۱۰

سورۂ مزمّل ۱۰۸ تا ۱۱۱ اس سورہ کو پڑھنے اور اپنے پاس رکھنے سے تمام مشکلات حل ہوتی ہیں کشائش رزق اور دفع بلیات کے لیے بہت مفید ہے سورۂ مزمّل کا ورد کرنے والا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرّف ہو گا تیغ بندی اور زبان بندی کیلئے بھی مجرب ہے اگر اسے پڑھ کر حاکم کے سامنے جائے گا تو حاکم مہربان ہو گا۔ اس کو روزانہ سات بار پڑھنے والے کو عذاب نہیں ہوتا اور اس پر دوزخ کی آگ حرام ہے۔

۲۰۲۱۴	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۲
۲۰۲۱۳	۲۰۲۱۱	۲۰۲۰۹
۲۰۲۰۸	۲۰۲۱۵	۲۰۲۱۰

۷۸۶

سورۂ نبا ۱۱۲ تا ۱۱۵ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جس شخص نے سورۂ نبا پڑھی قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اس کو شرابِ طہور پلائے گا ظہر کے بعد تلاوت کرنے سے بصارت میں اضافہ ہوتا ہے اور نماز عصر کے بعد اس کو پڑھنے سے بصارت زائل نہ ہو گی۔

۱۷۵۵۳	۱۷۵۴۸	۱۷۵۵۵
۱۷۵۵۴	۱۷۵۵۲	۱۷۵۵۰
۱۷۵۴۹	۱۷۵۵۶	۱۷۵۵۱

ہفت ہیکل ۱۱۶ تا ۱۲۵ ہفت ہیکل کو پڑھنے والا ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ اگر مقروض ہو گا تو قرض کا بار اتر جائے گا جو کوئی اس کو اپنے پاس رکھے گا وبائی امراض سے محفوظ رہے گا۔ اور مرگِ مفاجات سے بچا رہے گا اور سکرات موت اس پر آسان ہو گی۔ ہفت ہیکل کا روزانہ وِرد رکھنے والا اور اس کے والدین اللہ کے حکم سے دوزخ کے عذاب سے بچے رہیں گے۔

۷۸۶

۴۴۴۱	۴۴۴۴	۴۴۴۷	۴۴۳۳
۴۴۴۶	۴۴۳۲	۴۴۴۰	۴۴۳۵
۴۴۳۵	۴۴۴۶	۴۴۴۲	۴۴۳۹
۴۴۴۳	۴۴۳۸	۴۴۳۶	۴۴۴۸

سورۂ طارق دفع آسیب کے لیے ۱۲۶ تا ۱۲۷ سورۂ طارق تین بار پڑھنے سے آسیب جاتا رہتا ہے۔ نیز اگر کوئی شخص بھاگ گیا تو اس کے نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

سورۂ اخلاص
۱۲۸ تا ۱۲۸

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص تین دفعہ سورۂ اخلاص پڑھے گا اسے ختم قرآن کا ثواب ملے گا۔ اسے لکھ کر دھو کر پلانے سے بیمار صحت یاب ہو جائے۔ بچے کے گلے میں ڈالے تو تمام آفات سے محفوظ رہے۔

۷۸۶

۳۳۹	۳۳۰	۳۳۳
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۵

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۳۰	۱۳۱۶
۱۳۲۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۳۲	۱۳۲۵	۱۳۲۱
۱۳۲۶	۱۳۳۰	۱۳۱۹	۱۳۳۱

سورہ الناس ۱۲۹ تا ۱۲۹ — جو شخص اس سورہ کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اس پر کسی قسم کا سحر نہ چلے اور ہر بلا سے محفوظ رہے اس کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو تمام پریشانیاں دور ہوں

شش قفل ۱۳۰ تا ۱۳۳ — جو کوئی روزانہ رات کے وقت اس کو پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ رحمتِ الٰہی سے نوازا جائے گا اور تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

اسماء الحسنیٰ — ان اسمائے مبارک کو پڑھنے والے کا ایمان سلامت رہے گا اور جنّت میں جائے گا۔

اسماء النّبیؐ ۱۳۴ تا ۱۳۹ — جو شخص ہر شب باوضو ہو کر باشوق وادب حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تصوّر کر کے ان اسمائے مبارکہ کو پڑھ لیا کرے تو خواب میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرّف ہوگا۔ پڑھتے وقت ہر نام کے ساتھ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھ لیا کریں۔

درود تاج ۱۴۱ تا ۱۴۴ — جس شخص کو دیدار رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواہش ہو اس کو چاہیئے کہ عروج ماہ شب جمعہ بعد از نماز عشاء باوضو پاک لباس خوشبودار رو بقبلہ بیٹھ کر ایک سو ستر بار درود تاج پڑھ کر سو رہے۔ گیارہ شب مسلسل یہ عمل رہے دیدار سے مشرّف ہوگا۔ واسطے رفع شر دشمن، حاکم، رنج والم، افلاس چار روز تک بعد از نماز عشاء اکتالیس بار پڑھا کرے۔ برائے کشائش رزق بعد از نماز صبح سات بار وظیفہ کرے۔

درود لکھی ۱۴۵ تا ۱۵۲ — اس درود شریف میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر بہت ہی درود وسلام عرض کیا گیا ہے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کی رحمت یقینی ہے توقع ہے کہ اس کے پڑھنے والے کو ایک بار پڑھنے سے لاکھ بار پڑھنے کا یا اس سے بھی زیادہ ثواب ملے گا۔

عہدنامہ ۱۵۳ تا ۱۵۴ — اس کے پڑھنے سے ہر قسم کی جائز حاجات پوری ہوں گی اور ہر مرض ومصیبت سے نجات ملے گی ایمان تازہ اور کامل ہوگا۔

دُعائے گنج العرش ۱۵۵ تا ۱۶۸ — یہ دعا بہت بابرکت ہے وسعت وکشادگی رزق حصول ومنافع دین ودنیا وحل المشکلات ہے سحر زدہ ولاعلاج مریض پر پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ العزیز شفا ہوگی

سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ مِائَةٌ وَّعَشْرُ اٰيَاتٍ وَّاثْنَا عَشَرَ رُكُوْعًا

سورہ کہف مکی ہے اور اس میں ایک سو دس آیتیں اور بارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ

سب تعریف خدا ہی کو ہے جس نے اپنے بندے (محمدؐ) پر (یہ) کتاب نازل کی

وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ؕ (۱) قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا

اور اس میں کسی طرح کی کجی (اور پیچیدگی) نہ رکھی (بلکہ) سیدھی (اور سلیس اتاری) تاکہ (لوگوں کو)

شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ

عذاب سخت سے جو اُس کی طرف سے (آنے والا) ہے ڈرائے اور مومنوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں

يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۙ (۲)

خوشخبری سنائے کہ اُن کے لیے (اُن کے کاموں کا) نیک بدلا (یعنی بہشت) ہے

مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۙ (۳) وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ

جس میں وہ ابدالآباد رہیں گے اور اُن لوگوں کو بھی ڈرائے جو کہتے ہیں کہ

اللّٰهُ وَلَدًا ؕ (۴) مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ

خدا نے (کسی کو) بیٹا بنا لیا ہے۔ اُن کو اس بات کا کچھ بھی علم نہیں اور نہ اُن کے باپ دادا ہی کو

كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ ۚ إِنْ

تھا (یہ) بڑی سخت بات ہے جو اُن کے منہ سے نِکلتی ہے (اور کچھ شک

يَقُولُونَ إِلَّا كَذِبًا ۝٥ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ

نہیں کہ) یہ جو کچھ کہتے ہیں محض جھوٹ ہے (اے پیغمبر) اگر یہ اس کلام پر ایمان نہ لائیں

عَلَىٰ آثَارِهِمْ إِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوا بِهٰذَا الْحَدِيثِ

تو شاید تم اُن کے پیچھے رنج کر کر کے اپنے تئیں ہلاک کر دو

أَسَفًا ۝٦ إِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْأَرْضِ زِينَةً

گے جو چیز زمین پر ہے ہم نے اُس کو زمین کے لیے آرائش بنایا ہے تاکہ لوگوں

لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ أَيُّهُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا ۝٧ وَإِنَّا

کی آزمائش کریں کہ اُن میں کون اچھے عمل کرنے والا ہے۔ اور جو

لَجَاعِلُونَ مَا عَلَيْهَا صَعِيدًا جُرُزًا ۝٨ أَمْ

چیز زمین پر ہے ہم اُس کو (نابود کر کے) بنجر میدان کر دیں گے۔ کیا تم

حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحَابَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيمِ

خیال کرتے ہو کہ غار اور لوح والے ہماری

كَانُوا مِنْ آيَاتِنَا عَجَبًا ۝٩ إِذْ أَوَى الْفِتْيَةُ إِلَى

نشانیوں میں سے عجیب تھے؟ جب وہ جوان غار میں جا رہے

الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً

تو کہنے لگے اے ہمارے پروردگار ہم پر اپنے ہاں سے رحمت نازل فرما

وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى

اور ہمارے کام میں دُرستی (کے سامان) مہیّا کر تو ہم نے غار میں کئی سال

اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿۱۱﴾ ثُمَّ

تک اُن کے کانوں پر (نیند کا) پردہ ڈالے (یعنی اُن کو سُلائے) رکھا ، پھر اُن کو

بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا

جگا اٹھایا تاکہ معلوم کریں کہ جتنی مدّت وہ (غار میں) رہے دونوں جماعتوں میں سے اس کی

اَمَدًا ﴿۱۲﴾ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ط

مقدار کس کو خوب یاد ہے۔ ہم اُن کے حالات تم سے صحیح صحیح بیان کرتے ہیں

اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ﴿۱۳﴾ وَّ

کئی جوان تھے جو اپنے پروردگار پر ایمان لائے تھے اور ہم نے ان کو اور زیادہ ہدایت دی

رَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ

تھی اور اُن کے دلوں کو مربوط (یعنی مضبوط) کر دیا جب وہ (اٹھ) کھڑے ہوئے تو کہنے لگے کہ ہمارا

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا

پروردگار آسمانوں اور زمین کا مالک ہے ہم اس کے سوا کسی کو معبود (سمجھ کر) نہ پکاریں گے

لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ﴿۱۴﴾ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا

(اگر ایسا کیا) تو اُس وقت ہم نے بعید از عقل بات کہی۔ ان ہماری قوم کے لوگوں نے اُس کے سوا

مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍ

اور معبود بنا رکھے ہیں۔ بھلا یہ اُن (کے خدا ہونے) پر کوئی کھلی دلیل کیوں نہیں

بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ ﴿۱۵﴾

لاتے تو اس سے زیادہ کون ظالم ہے جو اللہ پر جھوٹ افترا کرے

وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا

اور جب تم نے ان (مشرکوں) سے اور جن کی یہ خدا کے سوا عبادت کرتے ہیں اُن سے کنارہ کر لیا ہے

اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ

تو غار میں چل رہو تمہارا پروردگار تمہارے لیے اپنی رحمت وسیع کر دے گا

وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿۱۶﴾ وَتَرَى

اور تمہارے کاموں میں آسانی (کے سامان) مہیا کرے گا اور جب

الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ

سورج نکلے تو تم دیکھو کہ (دھوپ) اُن کے غار سے داہنی طرف سمٹ

ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ

جائے اور جب غروب ہو تو اُن سے بائیں طرف کترا

الشِّمَالِ وَهُمْ فِي فَجْوَةٍ مِّنْهُ ۚ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ

جائے اور وہ اُس کے میدان میں تھے یہ خدا کی نشانیوں میں سے ہے

اللّٰهِ ۚ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ

جس کو خدا ہدایت دے وہ ہدایت یاب ہے اور جس کو گمراہ کرے ۲ ع ۵ ۱۴

فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ وَتَحْسَبُهُمْ

تو تم اس کے لیے کوئی دوست راہ بتانے والا نہ پاؤ گے اور تم ان کو خیال کرو

اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ

کہ جاگ رہے ہیں حالانکہ وہ سوتے ہیں اور ہم اُن کو دائیں اور بائیں

وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ

کروٹ بدلاتے تھے اور اُن کا کُتّا چوکھٹ پر دونوں ہاتھ پھیلائے

بِالْوَصِيْدِ ۚ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ

ہوئے تھا اگر تم اُن کو جھانک کر دیکھتے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ

فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿۱۸﴾ وَكَذٰلِكَ

جاتے اور اُن سے دہشت میں آ جاتے اور اسی طرح ہم نے

بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ۚ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ

اُن کو اٹھایا تاکہ آپس میں ایک دوسرے سے دریافت کریں ایک کہنے والے نے کہا

كَمْ لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ

کہ تم (یہاں) کتنی مدت رہے؟ انہوں نے کہا کہ ایک دن یا اس سے بھی

يَوْمٍ ؕ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْٓا

کم انہوں نے کہا کہ جتنی مدت تم رہے ہو تمہارا پروردگار ہی اس کو خوب جانتا ہے تو

اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ

اپنے میں سے کسی کو یہ روپیہ دے کر شہر کو بھیجو

فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ

وہ دیکھے کہ نفیس کھانا کونسا ہے تو اُس میں سے کھانا لے

بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ

آئے۔ اور آہستہ آئے جائے اور تمہارا حال کسی کو

بِكُمْ اَحَدًا ﴿۱۹﴾ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ

نہ بتائے اگر وہ تم پر دسترس پالیں گے تو تمہیں سنگسار

يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ

کر دیں گے یا پھر اپنے مذہب میں داخل کر لیں گے اور اُس

تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۲۰﴾ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ

وقت تم کبھی فلاح نہیں پاؤ گے اور اسی طرح ہم نے (لوگوں کو) اُن (کے حال سے

لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ

خبردار کردیا تاکہ وہ جانیں کہ خدا کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ قیامت (جس کا وعدہ کیا

لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ

جاتا ہے) اس میں کچھ بھی شک نہیں اس وقت لوگ اُن کے بارے میں باہم جھگڑنے لگے اور

فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۭ رَبُّهُمْ اَعْلَمُ

کہنے لگے کہ اُن (کے غار) پر عمارت بنا دو اُن کا پروردگار اُن (کے حال)

بِهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ

سے خوب واقف ہے۔ جو لوگ اُن کے معاملے میں غلبہ رکھتے تھے وہ کہنے

لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ﴿۲۱﴾ سَيَقُوْلُوْنَ

لگے کہ ہم اُن (کے غار) پر مسجد بنائیں گے (بعض لوگ) اٹکل پچّو کہیں

ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ

گے کہ وہ تین تھے (اور) چوتھا اُن کا کتا تھا اور (بعض) کہیں گے کہ وہ پانچ تھے

سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ رَجْمًۢا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ

اور چھٹا اُن کا کُتا تھا اور (بعض) کہیں گے کہ وہ سات

سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۭ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ

تھے اور آٹھواں اُن کا کُتّا تھا کہہ دو کہ میرا پروردگار ہی اُن

بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۫ فَلَا تُمَارِ

کے شمار سے خوب واقف ہے اُن کو جانتے بھی ہیں تو تھوڑے ہی لوگ (جانتے

فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۪ وَّلَا تَسْتَفْتِ

ہیں) تو تم اُن (کے معاملے) میں گفتگو نہ کرنا مگر سرسری سی گفتگو۔ اور نہ اُن کے بارے

ع ۳ ۵ ۱۵ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿۲۲﴾ وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ

میں اُن میں سے کسی سے کچھ دریافت ہی کرنا۔ اور کسی کام کی نسبت نہ کہنا کہ

اِنِّيْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿۲۳﴾ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۣ وَ

میں اُسے کل کر دوں گا۔ مگر (انشاء اللہ کہہ کر یعنی اگر) خدا چاہے

اذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ

تو (کر دوں گا) اور جب خدا کا نام لینا بھول جاؤ تو یاد آنے پر لے لو اور کہہ

يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿۲۴﴾

دو کہ امید ہے کہ میرا پروردگار مجھے اس سے بھی زیادہ ہدایت کی باتیں بتائے

وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ

اور اصحابِ کہف اپنے غار میں نو اوپر تین سو

وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ

سال رہے کہہ دو کہ جتنی مدت وہ رہے اُسے خدا ہی خوب

لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَبْصِرْ بِهٖ

جانتا ہے اسی کو آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں (معلوم) ہیں وہ کیا خوب دیکھنے

وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّ

والا اور کیا خوب سننے والا ہے، اس کے سوا اُن کا کوئی کارساز نہیں اور نہ وہ اپنے

لَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ وَاتْلُ مَاۤ

حکم میں کسی کو شریک کرتا ہے۔ اور اپنے پروردگار

اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ؕ لَا مُبَدِّلَ

کی کتاب کو جو تمہارے پاس بھیجی جاتی ہے پڑھتے رہا کرو اس کی باتوں کو

لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾

کوئی بدلنے والا نہیں اور اس کے سوا تم کہیں پناہ کی جگہ بھی نہیں پاؤ گے

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

اور جو لوگ صبح و شام اپنے پروردگار کو پکارتے اور اُس کی خوشنودی

رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ

کے طالب ہیں اُن کے ساتھ صبر کرتے رہو۔ اور تمہاری نگاہیں اُن

وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ

میں سے (گزر کر اور طرف) نہ دوڑیں کہ تم آرائش زندگانی دُنیا کے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا

خواستگار ہو جاؤ اور جس شخص کے دل کو ہم نے اپنی یاد سے

قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ

غافل کر دیا ہے اور وہ اپنی خواہش کی پیروی کرتا ہے اور اس کا کام حد

اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۟ قف

سے بڑھ گیا ہے اُس کا کہا نہ ماننا۔ اور کہہ دو کہ (لوگو) یہ قرآن تمہارے پروردگار کی طرف سے

فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۙ

برحق ہے۔ تو جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کافر رہے۔

اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ

ہم نے ظالموں کے لیے دوزخ کی آگ تیار کر رکھی ہے جس کی قناتیں اُن کو گھیر

سُرَادِقُهَا ؕ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ

رہی ہوں گی اور اگر فریاد کریں گے تو ایسے کھولتے ہوئے پانی سے اُن کی داد

كَالْمُهْلِ يَشْوِى الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ

رسی کی جائے گی (جو) پگھلے ہوئے تانبے کی طرح (گرم ہوگا اور جو) مونہوں کو بھون ڈالے

وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

گا (اُن کے پینے کا) پانی بھی بُرا اور آرام گاہ بھی بُری۔ (اور) جو ایمان لائے اور کام بھی

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ

نیک کرتے رہے تو ہم نیک کام کرنے والوں کا اجر ضائع

اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿۳۰﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ

نہیں کرتے ایسے لوگوں کے لیے ہمیشہ رہنے کے باغ

عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ

ہیں جن میں اُن کے محلوں کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں اُن کو وہاں

فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ

سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور وہ باریک دیبا اور

ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ

اطلس کے سبز کپڑے پہنا کریں گے (اور) تختوں

مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ

پر تکیے لگا کر بیٹھا کریں گے (کیا) خوب بدلا اور (کیا)

وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۳۱﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا ع ۴ ۹ ۱۶

خوب آرام گاہ ہے اور اُن سے دو شخصوں کا حال

رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ

بیان کرو جن میں سے ایک کو ہم نے انگور کے دو باغ (عنایت) کیے

أَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا

تھے اور اُن کے گردا گرد کھجوروں کے درخت لگا دیئے تھے اور اُن

بَيْنَهُمَا زَرْعًا ۝٣٢ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ

درمیان کھیتی پیدا کر دی تھی دونوں باغ (کثرت سے) پھل لاتے

أُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا

اور اس (کی پیداوار) میں کسی طرح کی کمی نہ ہوتی اور دونوں میں ہم نے

خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۝٣٣ ۙ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ

ایک نہر بھی جاری کر رکھی تھی۔ اور (اس طرح) اس (شخص) کو (اُن کی) پیداوار

لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ

(ملتی رہتی) تھی۔ تو (ایک دن) جب کہ وہ اپنے دوست سے باتیں کر رہا تھا کہنے لگا کہ میں تم

مَّالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ۝٣٤ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ

سے مال و دولت میں بھی زیادہ ہوں اور جتھے (اور جماعت) کے لحاظ سے بھی زیادہ عزت والا ہوں۔ اور (ایسی

ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ

شیخیوں سے) اپنے حق میں ظلم کرتا ہوا اپنے باغ میں داخل ہوا۔ کہنے لگا کہ میں نہیں خیال کرتا

هٰذِهٖٓ اَبَدًا ۙ ۝٣٥ وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ

کہ یہ باغ کبھی تباہ ہو۔ اور نہ خیال کرتا ہوں کہ قیامت برپا ہو

وَلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّىْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا

اور اگر میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی جاؤں تو (وہاں) ضرور اس سے اچھی

مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ

جگہ پاؤں گا۔ تو اُس کا دوست جو اُس سے گفتگو کر رہا تھا کہنے لگا کہ

اَكَفَرْتَ بِالَّذِىْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ

کیا تم اُس (خدا) سے کفر کرتے ہو جس نے تم کو مٹی سے پیدا کیا پھر

مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿۳۷﴾ لٰكِنَّا۠ هُوَ

نطفے سے پھر تمہیں پورا مرد بنایا مگر میں تو یہ کہتا ہوں کہ

اللّٰهُ رَبِّىْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّىْٓ اَحَدًا ﴿۳۸﴾ وَلَوْلَآ

خدا ہی میرا پروردگار ہے اور میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔ اور (بھلا)

اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ

جب تم اپنے باغ میں داخل ہوئے تو تم نے ماشاء اللہ لا قوۃ الا

لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ

باللہ کیوں نہ کہا؟ اگر تم مجھے مال و اولاد میں اپنے سے

مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ ۚ فَعَسٰى رَبِّىْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا

کمتر دیکھتے ہو تو عجب نہیں کہ میرا پروردگار مجھے تمہارے باغ سے

مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا

بہتر عطا فرمائے اور اس (تمہارے باغ) پر آسمان سے آفت بھیج

مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾ اَوْ

دے تو وہ صاف میدان ہو جائے یا اُس

يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ

(کی نہر) کا پانی گہرا ہو جائے تو پھر تم اُسے نہ لا

طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ

سکو اور اُس کے میووں کو عذاب نے آگھیرا اور وہ اپنی چھتریوں پر گر

كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ

کر رہ گیا تو جو مال اُس نے اس پر خرچ کیا تھا۔ اس پر

عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ

(حسرت سے) ہاتھ ملنے لگا اور کہنے لگا کہ کاش میں اپنے پروردگار کے ساتھ

بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ

کسی کو شریک نہ بناتا۔ اور (اُس وقت) خدا کے سوا کوئی جماعت اس کی مددگار

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ هُنَالِكَ

نہ ہوئی اور نہ وہ بدلہ لے سکا۔ یہاں (اسے ثابت

الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ

ہوا کہ) حکومت سب خدائے برحق ہی کی ہے ۔ اُسی کا صلہ بہتر اور (اُسی کا) بدلہ

عُقْبًا ﴿۴۴﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ع ۱۳ ۵ ۱۷

اچھا ہے اور اُن سے دُنیا کی زندگی کی مثال بھی بیان کر دو (وہ ایسی

كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ

ہے) جیسے پانی جسے ہم نے آسمان سے برسایا تو اس کے ساتھ زمین کی

الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ وَ

روئیدگی مل گئی پھر وہ چورا چورا ہو گئی کہ ہوائیں اُسے اُڑاتی پھرتی ہیں اور

كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ

خدا تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ۔ مال

وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ

اور بیٹے تو دُنیا کی زندگی کی (رونق و) زینت ہیں اور نیکیاں جو باقی رہنے

الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ

والی ہیں وہ ثواب کے لحاظ سے تمہارے پروردگار کے ہاں بہت اچھی اور اُمید کے لحاظ سے

اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ

بہت بہتر ہیں ۔ اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور تم زمین کو

بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ

صاف میدان دیکھو گے۔ اور اُن (لوگوں) کو ہم جمع کرلیں گے تو اُن میں سے کسی کو بھی

اَحَدًا ۚ ﴿۴۷﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ

نہیں چھوڑیں گے۔ اور سب تمہارے پروردگار کے سامنے صف باندھ کر لائے جائیں گے (تو ہم

جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ بَلْ

اُن سے کہیں گے کہ) جس طرح ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا (اسی طرح آج) تم ہمارے سامنے

زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ

آئے لیکن تم نے تو یہ خیال کر رکھا تھا کہ ہم نے تمہارے لیے (قیامت کا) کوئی وقت مقرر ہی نہیں کیا۔ اور

الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا

(عملوں کی) کتاب (کھول کر) رکھی جائے گی تو تم گنہگاروں کو دیکھو گے کہ جو کچھ اس میں (لکھا) ہوگا

فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ

اس سے ڈر رہے ہوں گے۔ اور کہیں گے ہائے شامت یہ کیسی کتاب ہے کہ نہ

لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ

چھوٹی بات کو چھوڑتی ہے نہ بڑی کو (کوئی بات بھی نہیں) مگر اُسے لکھ رکھا ہے

وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ

اور جو عمل کیے ہوں گے سب کو حاضر پائیں گے اور تمہارا پروردگار

رَبُّكَ أَحَدًا ﴿٤٩﴾ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَٰٓئِكَةِ ٱسْجُدُوا ع ۶ ۵ ۱۸

کسی پر ظلم نہیں کرے گا۔ اور جب ہم نے فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ

لِءَادَمَ فَسَجَدُوٓا إِلَّآ إِبْلِيسَ ۖ كَانَ مِنَ ٱلْجِنِّ

کرو تو سب نے سجدہ کیا مگر ابلیس (نے نہ کیا) وہ جنات میں سے تھا تو

فَفَسَقَ عَنْ أَمْرِ رَبِّهِۦٓ ۖ أَفَتَتَّخِذُونَهُۥ وَ

اپنے پروردگار کے حکم سے باہر ہو گیا کیا تم اُس کو اور اُس کی اولاد

ذُرِّيَّتَهُۥٓ أَوْلِيَآءَ مِن دُونِى وَهُمْ لَكُمْ

کو میرے سوا دوست بناتے ہو حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں۔

عَدُوٌّۢ ۖ بِئْسَ لِلظَّٰلِمِينَ بَدَلًا ﴿٥٠﴾ مَّآ

(اور شیطان کی دوستی) ظالموں کے لیے (خدا کی دوستی کا) بُرا بدل ہے۔ میں نے

أَشْهَدتُّهُمْ خَلْقَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ وَلَا

اُن کو نہ تو آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے کے وقت بلایا تھا اور نہ

خَلْقَ أَنفُسِهِمْ ۖ وَمَا كُنتُ مُتَّخِذَ

خود اُن کو پیدا کرنے کے وقت اور میں ایسا نہ تھا کہ گمراہ کرنے

ٱلْمُضِلِّينَ عَضُدًا ﴿٥١﴾ وَيَوْمَ يَقُولُ نَادُوا

والوں کو مددگار بناتا۔ اور جس دن خدا فرمائے گا کہ (اب)

شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ

میرے شریکوں کو جن کی نسبت تم گمانِ (اُلوہیّت) رکھتے تھے بلاؤ تو وہ اُن کو بلائیں

يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿۵۲﴾

گے مگر وہ اُن کو کچھ جواب نہ دیں گے اور ہم اُن کے بیچ میں ایک ہلاکت کی جگہ بنا دیں گے۔

وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا

اور گنہگار لوگ دوزخ کو دیکھیں گے تو یقین کر لیں گے کہ وہ اس میں پڑنے

ع ۴ ۱۹ وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿۵۳﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا

والے ہیں اور اُس سے بچنے کا کوئی رستہ نہ پائیں گے۔ اور ہم نے اس قرآن میں

فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَ

لوگوں (کے سمجھانے) کے لیے طرح طرح کی مثالیں بیان فرمائی ہیں لیکن

كَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾ وَمَا مَنَعَ

انسان سب چیزوں سے بڑھ کر جھگڑالو ہے۔ اور لوگوں کے

النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰى وَ

پاس جب ہدایت آگئی تو اُن کو کس چیز نے منع کیا کہ ایمان لائیں اور اپنے

يَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ

پروردگار سے بخشش مانگیں مگر اس کے کہ (اس بات کے منتظر ہوں کہ)

الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿٥٥﴾ وَمَا

انہیں بھی پہلوں کا سا معاملہ پیش آئے یا اُن پر عذاب سامنے آموجود ہو۔ اور ہم

نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ

جو پیغمبروں کو بھیجا کرتے ہیں تو صرف اس لیے کہ (لوگوں کو خُدا کی نعمتوں کی) خوشخبریاں سُنائیں

وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا

اور (عذاب سے) ڈرائیں اور جو کافر ہیں وہ باطل (کی سند) سے جھگڑا کرتے ہیں تاکہ اس

بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿٥٦﴾

سے حق کو پھسلا دیں اور اُنہوں نے ہماری آیتوں کو اور جس چیز سے اُن کو ڈرایا جاتا ہے ہنسی بنا لیا

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ

اور اُس سے ظالم کون ہے جس کو اُس کے پروردگار کے کلام سے سمجھایا گیا تو اُس

عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ؕ اِنَّا

نے اُس سے منہ پھیر لیا اور جو اعمال وہ آگے کر چکا اُس کو بھول گیا ہم نے اُن

جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ

کے دلوں پر پردے ڈال دیئے ہیں کہ اُسے سمجھ نہ سکیں اور کانوں میں

وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى

ثقل (پیدا کر دیا ہے کہ سُن نہ سکیں) اور اگر تم اُن کو رستے کی طرف

الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿٥٧﴾ وَرَبُّكَ

بلاؤ تو کبھی رستے پر نہ آئیں گے۔ اور تمہارا پروردگار

الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا

بخشنے والا صاحب رحمت ہے۔ اگر وہ اُن کے کرتوتوں پر اُن کو پکڑنے لگے

لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۭ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ

تو اُن پر جھٹ عذاب بھیج دے۔ مگر اُن کے لیے ایک وقت (مقرر کر رکھا)

لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْىِلًا ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ

ہے کہ اُس کے عذاب سے کوئی پناہ کی جگہ نہ پائیں گے۔ اور یہ بستیاں

الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا

(جو ویران پڑی ہیں) جب اُنہوں نے (کفر سے) ظلم کیا تو ہم نے اُن کو تباہ کر دیا اور

ع ٦ ٢٠ لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿٥٩﴾ ع وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى

اُن کی تباہی کے لیے ایک وقت مقرر کر دیا تھا۔ اور جب موسیٰ نے اپنے شاگرد سے کہا

لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ

کہ جب تک میں دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ نہ پہنچ جاؤں ہٹنے کا

الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا بَلَغَا

نہیں خواہ برسوں چلتا رہوں۔ جب اُن کے ملنے کے

مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ

مقام پر پہنچے تو اپنی مچھلی بھول گئے تو اُس نے دریا میں

سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿٦١﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا

سُرنگ کی طرح اپنا رستہ بنا لیا ۔ جب آگے چلے تو (موسیٰ نے)

قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۫ لَقَدْ لَقِيْنَا

اپنے شاگرد سے کہا کہ ہمارے لیے کھانا لاؤ اس سفر سے ہم کو

مِنْ سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾ قَالَ اَرَءَيْتَ

بہت تکان ہو گئی ہے ۔ اُس نے کہا کہ بھلا آپ نے دیکھا

اِذْ اَوَيْنَاۤ اِلَى الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ ۫

کہ جب ہم نے پتھر کے پاس آرام کیا تھا تو میں مچھلی (وہیں) بھول گیا

وَمَاۤ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَ

اور مجھے (آپ سے) اُس کا ذکر کرنا شیطان نے بھلا دیا اور اُس

اتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ﴿٦٣﴾ قَالَ

نے عجب طرح سے دریا میں اپنا رستہ لیا ۔ (موسیٰ نے) کہا

ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۖ فَارْتَدَّا عَلٰۤى اٰثَارِهِمَا

یہی تو (وہ مقام) ہے جسے ہم تلاش کرتے تھے تو وہ اپنے پاؤں کے نشان دیکھتے

قَصَصًا ﴿۶۴﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ

دیکھتے لوٹ گئے۔ (وہاں) انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ

اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ

دیکھا جس کو ہم نے اپنے ہاں سے رحمت (یعنی نبوّت یا نعمتِ ولایت) دی تھی اور اپنے

مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ

پاس سے علم بخشا تھا۔ موسیٰؑ نے اُن سے (جن کا نام خضرؑ تھا) کہا کہ جو علم (خدا

اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ

کی طرف سے) آپ کو سکھایا گیا ہے اگر آپ اس میں سے مجھے کچھ بھلائی (کی باتیں) سکھائیں تو میں

رُشْدًا ﴿۶۶﴾ قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ

آپ کے ساتھ رہوں۔ (خضرؑ نے) کہا کہ تم میرے ساتھ رہ کر صبر کر نہیں

صَبْرًا ﴿۶۷﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ

سکو گے۔ اور جس بات کی تمہیں خبر ہی نہیں اُس پر صبر بھی کیوں

بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ

کر سکتے ہو۔ (موسیٰ نے) کہا خُدا نے چاہا تو آپ مجھے صابر پائیں گے

صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾ قَالَ فَاِنِ

اور میں آپ کے ارشاد کے خلاف نہیں کروں گا۔ (خضرؑ نے) کہا کہ اگر

اتَّبَعْتَنِي فَلَا تَسْـَٔلْنِي عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ

تم میرے ساتھ رہنا چاہو تو (شرط یہ ہے) مجھ سے کوئی بات نہ پوچھنا جب تک میں

لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿۷۰﴾ فَانْطَلَقَا ۚ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا ع ۹ ۱۱ ۲۱

خود اُس کا ذکر تم سے نہ کروں۔ تو دونوں چل پڑے یہاں تک کہ جب کشتی میں

فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ؕ قَالَ اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ

سوار ہوئے تو (خضرؑ نے) کشتی کو پھاڑ ڈالا (موسیٰ نے) کہا کیا آپ نے اس کو اس لیے پھاڑا

اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ﴿۷۱﴾ قَالَ اَلَمْ

ہے کہ سواروں کو غرق کر دیں۔ یہ تو آپ نے بڑی (عجیب) بات کی۔ (خضرؑ نے) کہا۔ کیا میں

اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۷۲﴾ قَالَ

نے نہیں کہا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر نہ کر سکو گے۔ (موسیٰؑ نے) کہا

لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ

کہ جو بھول مجھ سے ہوئی اس پر مؤاخذہ نہ کیجئے۔ اور میرے معاملے میں

اَمْرِيْ عُسْرًا ﴿۷۳﴾ فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا

مجھ پر مشکل نہ ڈالیے پھر دونوں چلے یہاں تک کہ رستے میں ایک

غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً

لڑکا ملا تو (خضر نے) اُسے مار ڈالا (موسیٰ نے) کہا کہ آپ نے ایک بے گناہ شخص کو (ناحق)

بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـــًٔا نُّكْرًا ﴿٧٤﴾ قَالَ اَلَمْ

بغیر قصاص کے مار ڈالا۔ یہ تو آپ نے بُری بات کی۔ (خضرؑ نے) کہا کیا

اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٥﴾

میں نے نہیں کہا تھا کہ تم میرے ساتھ صبر نہیں کر سکو گے۔

قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا

انہوں نے کہا کہ اگر میں اس کے بعد (پھر) کوئی بات پوچھوں (یعنی اعتراض کروں)

تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ لَّدُنِّيْ عُذْرًا ﴿٧٦﴾

تو مجھے اپنے ساتھ نہ رکھئے گا کہ آپ میری طرف سے عذر (کے قبول کرنے میں غایت) کو پہنچ گئے

فَانْطَلَقَا ۣ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ قَرْيَةِۨ

پھر دونوں چلے یہاں تک کہ ایک گاؤں والوں کے پاس پہنچے اور اُن سے

اسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا

کھانا طلب کیا انہوں نے اُن کی ضیافت کرنے سے انکار کر دیا پھر

فَوَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا يُّرِيْدُ اَنْ يَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ۭ

اُنہوں نے وہاں ایک دیوار دیکھی جو (جھک کر) گرا چاہتی تھی تو خضر نے اُس کو سیدھا

قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ اَجْرًا ﴿٧٧﴾ قَالَ هٰذَا

کر دیا۔ (موسیٰؑ نے) کہا کہ اگر آپ چاہتے تو اُن سے اُس کا معاوضہ لیتے (تاکہ کھانے کا کام چلتا) (خضر

فِرَاقُ بَيْنِيْ وَبَيْنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاْوِيْلِ مَا لَمْ

نے) کہا کہ اب مجھ میں اور تم میں علیحدگی (مگر) جن باتوں پر تم صبر نہ کر سکے میں

تَسْتَطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٧٨﴾ اَمَّا السَّفِيْنَةُ فَكَانَتْ

اُن کا تمہیں بھید بتائے دیتا ہوں۔ (کہ وہ جو) کشتی (تھی) غریب لوگوں کی تھی

لِمَسٰكِيْنَ يَعْمَلُوْنَ فِي الْبَحْرِ فَاَرَدْتُّ اَنْ

جو دریا میں محنت (کر کے یعنی کشتیاں چلا کر گزارہ) کرتے تھے اور اُن کے سامنے (کی طرف)

اَعِيْبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمْ مَّلِكٌ يَّاْخُذُ كُلَّ

ایک بادشاہ تھا جو ہر ایک کشتی کو زبردستی چھین لیتا تھا تو میں نے چاہا کہ اُسے عیب دار

سَفِيْنَةٍ غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَاَمَّا الْغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ

کر دوں (تاکہ وہ اُسے غصب نہ کر سکے) اور وہ جو لڑکا تھا اُس کے ماں باپ دونوں

مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِيْنَآ اَنْ يُّرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا

مومن تھے ہمیں اندیشہ ہوا کہ وہ (بڑا ہو کر جو بدکردار ہوتا) اُن کو سرکشی اور کفر میں نہ

وَّكُفْرًا ﴿٨٠﴾ فَاَرَدْنَآ اَنْ يُّبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا

پھنسا دے۔ تو ہم نے چاہا کہ اُن کا پروردگار اُس کی جگہ اُن کو اور (بچہ) عطا فرمائے

مِّنْهُ زَكٰوةً وَّاَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَاَمَّا الْجِدَارُ

جو پاک طینتی میں بہتر اور محبت میں اس سے بہتر ہو اور وہ جو دیوار تھی

فَكَانَ لِغُلٰمَيْنِ يَتِيْمَيْنِ فِي الْمَدِيْنَةِ وَكَانَ

سو وہ یتیم لڑکوں کی تھی (جو) شہر میں (رہتے تھے) اور اُس کے

تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوْهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ

نیچے اُن کا خزانہ (مدفون) تھا اور اُن کا باپ ایک نیک بخت آدمی تھا تو تمہارے

رَبُّكَ اَنْ يَّبْلُغَآ اَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنْزَهُمَا ۖ

پروردگار نے چاہا کہ وہ اپنی جوانی کو پہنچ جائیں اور پھر اپنا خزانہ نکالیں یہ

رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهٗ عَنْ اَمْرِيْ ۭ ذٰلِكَ

تمہارے پروردگار کی مہربانی ہے اور یہ کام میں نے اپنی طرف سے نہیں کیے۔ یہ اُن

تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٨٢﴾ ع وَيَسْـَٔلُوْنَكَ ١٢ غ ١

باتوں کا راز ہے جن پر تم صبر نہ کر سکے۔ اور تم سے

عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۭ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ

ذوالقرنین کے بارے میں دریافت کرتے ہیں۔ کہہ دو کہ میں اُس کا کسی قدر حال تمہیں

ذِكْرًا ﴿٨٣﴾ اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ

پڑھ کر سناتا ہوں۔ ہم نے اُس کو زمین میں بڑی دسترس دی تھی اور ہر طرح

كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿٨٤﴾ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتّٰٓى اِذَا

کا سامان عطا کیا تھا۔ تو اُس نے (سفر کا) ایک سامان کیا۔ یہاں تک کہ

بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ

جب سورج کے غروب ہونے کی جگہ پہنچا تو اُسے ایسا پایا کہ ایک کیچڑ کی ندی میں

حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ۭ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ

ڈوب رہا ہے۔ اور اُس (ندی) کے پاس ایک قوم دیکھی۔ ہم نے کہا ذوالقرنین! تم ان

اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ﴿۸۶﴾

کو خواہ تکلیف دو خواہ ان (کے بارے) میں بھلائی اختیار کرو (دونوں باتوں کی تم کو قدرت ہے)

قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ

(ذوالقرنین نے) کہا کہ جو (کفر و بدکرداری سے) ظلم کرے گا اُسے ہم عذاب دیں گے پھر (جب)

اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا ﴿۸۷﴾ وَاَمَّا مَنْ

وہ اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا جائے گا تو وہ بھی اُسے بُرا عذاب دے گا۔ اور جو ایمان لائے

اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَاۗءَ ۨ الْحُسْنٰى ۚ وَ

گا اور عمل نیک کرے گا اس کے لیے بہت اچھا بدلہ ہے اور ہم

سَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا ﴿۸۸﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ

اپنے معاملے میں (اُس پر کسی طرح کی سختی نہیں کریں گے بلکہ) اُس سے نرم بات کہیں گے پھر اُس

سَبَبًا ﴿۸۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ

نے ایک اور سامان (سفر کا) کیا۔ یہاں تک کہ سورج کے طلوع ہونے کے مقام پر پہنچا تو

وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ

دیکھا کہ وہ ایسے لوگوں پر طلوع کرتا ہے جن کے لیے ہم نے سورج کے

دُوْنِهَا سِتْرًا ﴿٩٠﴾ كَذٰلِكَ ۚ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ

اس طرف کوئی اوٹ نہیں بنائی تھی۔ (حقیقت حال) یوں (تھی) اور جو کچھ اُس کے پاس

خُبْرًا ﴿٩١﴾ ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ

تھا ہم کو سب کی خبر تھی۔ پھر اُس نے ایک اور سامان کیا یہاں تک کہ دو دیواروں کے

السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ

درمیان پہنچا تو دیکھا کہ اُن کے اُس طرف کچھ لوگ ہیں کہ بات کو سمجھ

يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ

نہیں سکتے اُن لوگوں نے کہا کہ ذوالقرنین! یاجوج

يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ

اور ماجوج زمین میں فساد کرتے رہتے ہیں۔

فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ

بھلا ہم آپ کے لیے خرچ (کا انتظام) کر دیں کہ آپ ہمارے اور اُن

بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿٩٤﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّىْ فِيْهِ

کے درمیان ایک دیوار کھینچ دیں۔ ذوالقرنین نے کہا کہ خرچ کا جو مقدور

رَبِّیْ خَیْرٌ فَاَعِیْنُوْنِیْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَیْنَكُمْ وَ

خدا نے مجھے بخشا ہے وہ بہت اچھا ہے تم مجھے قوت (بازو) سے مدد دو میں تمہارے اور

بَیْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾ اٰتُوْنِیْ زُبَرَ الْحَدِیْدِ ؕ حَتّٰۤی

اُن کے درمیان ایک مضبوط اوٹ بنا دُونگا۔ تو تم لوہے کے (بڑے بڑے) تختے لاؤ (چنانچہ کام جاری

اِذَا سَاوٰی بَیْنَ الصَّدَفَیْنِ قَالَ انْفُخُوْا ؕ

کر دیا گیا) یہاں تک کہ جب اُس نے دونوں پہاڑوں کے درمیان (کا حصّہ) برابر کر دیا اور کہا کہ (اب اسے)

حَتّٰۤی اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِیْۤ اُفْرِغْ عَلَیْهِ

دھونکو یہاں تک کہ جب اس کو (دھونک دھونک کر) آگ کر دیا تو کہا کہ (اب) میرے پاس تانبا لاؤ

قِطْرًا ﴿٩٦﴾ فَمَا اسْطَاعُوْۤا اَنْ یَّظْهَرُوْهُ وَمَا

کہ اس پر پگھلا کر ڈال دوں۔ پھر اُن میں یہ قدرت نہ رہی کہ اس پر چڑھ سکیں اور

اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿٩٧﴾ قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ

نہ یہ طاقت رہی کہ اُس میں نقب لگا سکیں۔ بولا کہ یہ میرے پروردگار کی مہربانی ہے

مِّنْ رَّبِّیْ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّیْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ

جب میرے پروردگار کا وعدہ آ پہنچے گا تو اُس کو (ڈھا کر) ہموار کر دے گا۔

وَكَانَ وَعْدُ رَبِّیْ حَقًّا ﴿٩٨﴾ ؕ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ

اور میرے پروردگار کا وعدہ سچا ہے۔ (اس روز) ہم اُن کو چھوڑ دیں گے

يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ

کہ (اردئے زمین پر پھیل کر) ایک دوسرے میں گھس جائیں گے اور صور پھونکا

فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿٩٩﴾ وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ

جائے گا تو ہم سب کو جمع کریں گے۔ اور اُس روز جہنم کو کافروں

يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ﴿١٠٠﴾ الَّذِيْنَ كَانَتْ

کے سامنے لائیں گے۔ جن کی آنکھیں میری

اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا

یاد سے پردے میں تھیں اور وہ سُننے کی طاقت

يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿١٠١﴾ اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ ع ١١ ١٩ ٢

نہیں رکھتے تھے۔ کیا کافر یہ خیال کرتے

كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ

ہیں کہ وہ ہمارے بندوں کو ہمارے سوا (اپنا) کارساز بنائیں گے

اَوْلِيَآءَ ؕ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ

(تو ہم خفا نہیں ہوں گے) ہم نے (ایسے) کافروں کے لیے جہنّم کی مہمانی طیار

نُزُلًا ﴿١٠٢﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ

کر رکھی ہے کہہ دو کہ ہم تمہیں بتائیں جو عملوں کے لحاظ سے بڑے

اَعْمَالًا ﴿۱۰۳﴾ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي

نقصان میں ہیں۔ وہ لوگ جن کی سعی دُنیا کی زندگی میں برباد

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ

ہو گئی اور وہ یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ اچھے

يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کام کر رہے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کی

بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ

آیتوں اور اُس کے سامنے جانے سے انکار کیا تو اُن کے اعمال ضائع ہو گئے

فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾ ذٰلِكَ

اور ہم قیامت کے دن اُن کے لیے کچھ بھی وزن قائم نہیں کریں گے یہ اُن کی

جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا

سزا ہے (یعنی) جہنّم اس لیے کہ انہوں نے کُفر کیا اور ہماری آیتوں

اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اور ہمارے پیغمبروں کی ہنسی اُڑائی۔ جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ

اور عمل نیک کیے اُن کے لئے بہشت کے باغ

الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ

مہمانی ہوں گے ۔ ہمیشہ اُن میں رہیں گے اور وہاں

عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا

سے مکان بدلنا نہ چاہیں گے کہہ دو کہ اگر سمندر میرے پروردگار کی باتوں کے

لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ

(لکھنے کے) لیے سیاہی ہو تو قبل اس کے کہ میرے پروردگار کی باتیں تمام ہوں

كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿١٠٩﴾

(سمندر) ختم ہو جائے اگرچہ ہم ویسا ہی اور (سمندر) اس کی مدد کو لائیں ۔

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ

کہہ دو کہ میں تمہاری طرح کا ایک بشر ہوں (البتہ) میری طرف وحی آتی ہے کہ تمہارا

اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ

معبود (وہی) ایک معبود ہے تو جو شخص اپنے پروردگار سے ملنے

رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ

کی امید رکھے چاہیے کہ عمل نیک کرے اور اپنے پروردگار کی

بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿١١٠﴾ ع ١٢ ٩ ٣

عبادت میں کسی کو شریک نہ بنائے ۔

سُوْرَةُ یٰسٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ یٰسٓ مکّی ہے اور اس میں تراسی آیتیں اور پانچ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع خُدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

یٰسٓ ۚ (۱) وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ (۲) اِنَّكَ لَمِنَ

یٰسٓ قسم ہے قرآن کی جو حکمت سے بھرا ہوا ہے (اے محمدؐ) بیشک تم

الْمُرْسَلِيْنَ ۙ (۳) عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ؕ (۴)

پیغمبروں میں سے ہو سیدھے رستے پر

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۙ (۵) لِتُنْذِرَ قَوْمًا

(یہ خدائے) غالب (اور) مہربان نے نازل کیا ہے تاکہ تم اُن لوگوں کو جن کے باپ

مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ (۶) لَقَدْ

دادا کو متنبہ نہیں کیا گیا تھا، متنبہ کردو وہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔ اُن میں سے

حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (۷)

اکثر پر (خُدا کی) بات پوری ہو چکی ہے سو وہ ایمان نہیں لائیں گے۔

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى

ہم نے اُن کی گردنوں میں طوق ڈال رکھے ہیں اور وہ ٹھوڑیوں تک (پھنسے

الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ﴿۸﴾ وَجَعَلْنَا مِنْۢ

ہوئے ہیں) تو اُن کے سر اُلل رہے ہیں اور ہم نے اُن کے

بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا

آگے بھی دیوار بنا دی اور اُن کے پیچھے بھی پھر اُن پر

فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۹﴾ وَسَوَآءٌ

پردہ ڈال دیا تو یہ دیکھ نہیں سکتے۔ اور تم اُن

عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ

کو نصیحت کرو یا نہ کرو اُن کے لیے برابر ہے وہ ایمان

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰﴾ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ

نہیں لانے کے تم تو صرف اس شخص کو نصیحت کر سکتے ہو جو نصیحت

الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ

کی پیروی کرے اور خدا سے غائبانہ ڈرے سو اس کو مغفرت

بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿۱۱﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ

اور بڑے ثواب کی بشارت سُنا دو بیشک ہم مُردوں کو زندہ کریں گے

الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ؕ

اور جو کچھ وہ آگے بھیج چکے اور (جو) اُن کے نشان پیچھے رہ گئے ہم اُن کو قلمبند کر لیتے ہیں

وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُّبِينٍ ﴿١٢﴾ وَ ع ۱۲ ۱۸ ع

اور ہر چیز کو ہم نے کتاب روشن (یعنی لوحِ محفوظ) میں لکھ رکھا ہے اور

وقف لازم

اضْرِبْ لَهُم مَّثَلًا أَصْحَابَ الْقَرْيَةِ إِذْ

اُن سے گاؤں والوں کا قصہ بیان کرو جب اُن کے پاس

جَاءَهَا الْمُرْسَلُونَ ﴿١٣﴾ ج إِذْ أَرْسَلْنَا إِلَيْهِمُ

پیغمبر آئے۔ (یعنی) جب ہم نے اُن کی طرف دو (پیغمبر) بھیجے

اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوا

تو انہوں نے اُن کو جھٹلایا پھر ہم نے تیسرے سے تقویت دی تو انہوں نے کہا کہ

إِنَّا إِلَيْكُم مُّرْسَلُونَ ﴿١٤﴾ قَالُوا مَا أَنتُمْ إِلَّا

ہم تمہاری طرف پیغمبر ہو کر آئے ہیں۔ وہ بولے کہ تم (اور کچھ) نہیں مگر

بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَا أَنزَلَ الرَّحْمَٰنُ مِن شَيْءٍ ۙ

ہماری طرح کے آدمی (ہو) اور خدا نے کوئی چیز نازل نہیں کی۔

إِنْ أَنتُمْ إِلَّا تَكْذِبُونَ ﴿١٥﴾ قَالُوا رَبُّنَا يَعْلَمُ

تم محض جھوٹ بولتے ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا پروردگار جانتا

إِنَّا إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ﴿١٦﴾ وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا

ہے کہ ہم تمہاری طرف (پیغام دے کر) بھیجے گئے ہیں۔ اور ہمارے ذمہ تو صاف صاف

الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ

پہنچا دینا ہے اور بس ۔ وہ بولے کہ ہم تم کو نامبارک سمجھتے ہیں اگر

لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ

تم باز نہ آؤ گے تو ہم تمہیں سنگسار کر دیں گے اور تم کو ہم سے دُکھ

مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾ قَالُوْا طَاۗىِٕرُكُمْ مَّعَكُمْ ۭ

دینے والا عذاب پہنچے گا ۔ انہوں نے کہا کہ تمہاری نحوست تمہارے ساتھ

اَىِٕنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

ہے کیا اس لیے کہ تم کو نصیحت کی گئی بلکہ تم ایسے لوگ ہو جو حد سے تجاوز کر گئے ہو ۔

وَجَاۗءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى

اور شہر کے پرلے کنارے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا کہنے

قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۰﴾ۙ اتَّبِعُوْا مَنْ

لگا کہ اے میری قوم پیغمبروں کے پیچھے چلو ایسوں کے جو تم سے

لَّا يَسْـَٔـلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا لِيَ

صلہ نہیں مانگتے اور وہ سیدھے رستے پر ہیں ۔ اور مجھے کیا ہے

لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾

کہ میں اس کی پرستش نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا اور اسی کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے

ءَاتَّخِذُ مِنْ دُونِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ

کیا میں اُن کو چھوڑ کر اوروں کو معبود بناؤں اگر خدا میرے حق میں

بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَّ

نقصان کرنا چاہے تو اُن کی سفارش مجھے کچھ بھی فائدہ نہ دے سکے اور

لَا يُنْقِذُوْنِ ﴿۲۳﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾

نہ وہ مجھ کو چھڑا ہی سکیں تب تو میں صریح گمراہی میں مبتلا ہو گیا۔

اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾ قِيْلَ

میں تمہارے پروردگار پر ایمان لایا ہوں سو میری بات سُن رکھو۔ حکم ہوا کہ

ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۭ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾

بہشت میں داخل ہو جا بولا کاش میری قوم کو خبر ہو۔

بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾

کہ خدا نے مجھے بخش دیا اور عزّت والوں میں کیا۔

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰي قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ

اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر کوئی لشکر

جُنْدٍ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ

نہیں اتارا اور نہ ہم اتارنے والے تھے ہی۔ وہ تو

كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ

صرف ایک چنگھاڑ تھی (آتشیں) سو وہ (اس سے) ناگہان بجھ کر

خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا

رہ گئے بندوں پر افسوس ہے کہ اُن کے

يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ

پاس کوئی پیغمبر نہیں آتا مگر اس سے تمسخر

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا

کرتے ہیں۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اُن سے پہلے

قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا

بہت سے لوگوں کو ہلاک کر دیا تھا اب وہ ان کی طرف لوٹ

يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا

کر نہیں آئیں گے۔ اور سب کے سب ہمارے روبرو حاضر کیے

ع ۲ ۲۰ ۱۱ مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ

جائیں گے۔ اور ایک نشانی اُن کیلئے زمین مُردہ ہے

اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ

کہ ہم نے اس کو زندہ کیا اور اس میں سے اناج اُگایا پھر یہ اس

يَاْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ

میں سے کھاتے ہیں۔ اور اس میں کھجوروں اور انگوروں

نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ

کے باغ پیدا کئے اور اس میں چشمے جاری

الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ

کر دیئے۔ تاکہ یہ اُن کے پھل کھائیں اور ان کے ہاتھوں نے

اَيْدِيْهِمْ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ

تو اُن کو نہیں بنایا پھر یہ شکر کیوں نہیں کرتے وہ خدا پاک ہے

خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَ

جس نے زمین کی نباتات کے اور خود اُن کے

مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰيَةٌ

اور جن چیزوں کی اُن کو خبر نہیں سب کے جوڑے بنائے اور ایک نشانی

لَّهُمُ الَّيْلُ ۖ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ

اُن کے لیے رات ہے کہ اس میں سے ہم دن کو کھینچ لیتے ہیں تو اُس وقت اُن پر

مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ

اندھیرا چھا جاتا ہے۔ اور سورج اپنے مقرر رستے پر چلتا رہتا ہے

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَالْقَمَرَ

یہ (خدائے) غالب اور دانا کا (مقرر کیا ہوا) اندازہ ہے اور چاند کی

قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ

بھی ہم نے منزلیں مقرر کر دیں یہاں تک کہ (گھٹتے گھٹتے) کھجور کی پرانی شاخ کی

الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ

طرح ہو جاتا ہے۔ نہ تو سورج ہی سے ہو سکتا ہے کہ چاند کو

تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَ

جا پکڑے اور نہ رات ہی دن سے پہلے آ سکتی ہے سب اپنے

كُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا

اپنے دائرے میں تیر رہے ہیں اور ایک نشانی اُن کے

حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾

لیے یہ ہے کہ ہم نے اُن کی اولاد کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا۔

وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَ

اور اُن کے لیے ویسی ہی اور چیزیں پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں اور

اِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا

اگر ہم چاہیں تو اُن کو غرق کر دیں پھر نہ تو اُن کا کوئی فریاد رس ہو

هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى

اور نہ اُن کو رہائی ملے۔ مگر یہ ہماری رحمت اور ایک مدت تک کے

حِيْنٍ ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ

فائدے ہیں۔ اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ جو تمہارے آگے اور

اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۵﴾

جو تمہارے پیچھے ہے اس سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا

اور اُن کے پاس اُن کے پروردگار کیطرف سے کوئی نشانی نہیں آتی

كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

مگر اس سے مُنہ پھیر لیتے ہیں۔ اور جب اُن سے کہا جاتا

اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ہے کہ جو رزق خُدا نے تم کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرو تو کافر مومنوں سے

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ

کہتے ہیں کہ بھلا ہم اُن لوگوں کو کھانا کھلائیں جن کو اگر خُدا چاہتا

اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۷﴾

تو خود کھلا دیتا تم تو صریح غلطی میں ہو۔

وَيَقُولُونَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

اور کہتے ہیں اگر تم سچ کہتے ہو تو یہ وعدہ کب

صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً

(پورا) ہو گا؟ یہ تو ایک چنگھاڑ کے منتظر ہیں جو ان

وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾

کو اس حال میں کہ باہم جھگڑ رہے ہوں گے آپکڑے گی۔

فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ

پھر نہ تو وصیت کر سکیں گے اور نہ اپنے گھر والوں میں

يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ ع ۳ ۱۸ ۲

واپس جاسکیں گے۔ اور (جس وقت) صور پھونکا جائے گا یہ قبروں

مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

سے (نکل کر) اپنے پروردگار کی طرف دوڑ پڑیں گے۔

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ مسکتہ

کہیں گے اے ہے ہمیں ہماری خواب گاہوں سے کس نے (جگا) اٹھایا

هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾

یہ وہی تو ہے جس کا خدا نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے سچ کہا تھا۔

وقف لازم

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ

صرف ایک زور کی آواز کا ہونا ہو گا کہ سب کے سب

جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَالْيَوْمَ

ہمارے روبرو آ حاضر ہوں گے اُس روز کسی شخص

لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا

پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا اور تم کو بدلہ ویسا ہی ملے

مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ

گا جیسے تم کام کرتے تھے اہل جنّت اس روز عیش

الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ ج هُمْ وَ

و نشاط کے مشغلے میں ہوں گے وہ بھی اور اُن

اَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ

کی بیویاں بھی سایوں میں تختوں پر تکیے لگائے بیٹھے

مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿۵۶﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ

ہوں گے وہاں اُن کے لیے میوے اور جو چاہیں

مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾ صلے سَلٰمٌ ۚ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ

گے (موجود ہو گا) پروردگار مہربان کی طرف سے سلام کہا

الرَّحِيْمِ ﴿۵۸﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا

جائے گا اور گنہگارو! آج الگ ہو

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ

جاؤ اے آدم کی اولاد ہم نے تم سے کہہ نہیں

اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ

دیا تھا کہ شیطان کو نہ پوجنا وہ تمہارا کھلا

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۭ هٰذَا

دشمن ہے اور یہ کہ میری ہی عبادت کرنا یہی

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ

سیدھا رستہ ہے۔ اور اس نے تم میں سے بہت

جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾

سی خلقت کو گمراہ کر دیا تھا تو کیا تم سمجھتے نہیں تھے

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾

یہی وہ جہنم ہے جس کی تمہیں خبر دی جاتی ہے۔

اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾

(سو) جو تم کفر کرتے رہے ہو اس کے بدلے آج اس میں داخل ہو جاؤ۔

وقف غفران

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ

آج ہم اُن کے مونہوں پر مہر لگا دیں گے اور جو کچھ یہ کرتے رہے تھے

اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا

ان کے ہاتھ ہم سے بیان کر دیں گے اور اُن کے پاؤں (اس کی) گواہی

يَكْسِبُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى

دیں گے۔ اور اگر ہم چاہیں تو اُن کی آنکھوں کو مٹا (کر

اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى

اندھا کر) دیں پھر یہ رستے کو دوڑیں تو کہاں دیکھ

يُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى

سکیں گے۔ اور اگر ہم چاہیں تو اُن کی جگہ پر اُن کی

مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا

صورتیں بدل دیں پھر وہاں سے نہ آگے جا سکیں اور نہ

يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى ع ۱۷/۳

(پیچھے) لوٹ سکیں اور جس کو ہم بڑی عمر دیتے ہیں اسے خلقت میں

الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ

اوندھا کر دیتے ہیں۔ تو کیا یہ سمجھتے نہیں۔ اور ہم نے ان (پیغمبر) کو شعر گوئی نہیں

وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ

سکھائی اور نہ وہ ان کو شایاں ہے یہ تو محض نصیحت اور صاف صاف قرآن (پُر

مُّبِيْنٌ ۙ﴿۶۹﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ

از حکمت) ہے تاکہ اُس شخص کو جو زندہ ہو ہدایت کا رستہ دکھائے

الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا

اور کافروں پر بات پُوری ہو جائے کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ

خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا

جو چیزیں ہم نے اپنے ہاتھوں سے بنائیں ان میں سے ہم نے ان کے لیے

فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا

چارپائے پیدا کر دیئے اور یہ اُن کے مالک ہیں اور اُن کو ان کے قابو میں کر دیا تو کوئی تو ان

رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا

میں سے ان کی سواری ہے اور کسی کو یہ کھاتے ہیں۔ اور ان میں ان کے لیے (اور)

مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَ

فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں تو یہ شکر کیوں نہیں کرتے اور

اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ

انہوں نے خدا کے سوا (اور) معبود بنا لیے ہیں کہ شاید ان سے ان کو

يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ

مدد پہنچے ۔ (مگر) وہ ان کی مدد کی (ہرگز) طاقت نہیں رکھتے اور وہ

لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ

ان کی فوج ہوکر حاضر کیے جائیں گے تو ان کی باتیں تمہیں غمناک

قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا

نہ کر دیں یہ جو کچھ چھپاتے اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں ہمیں (سب)

يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ

معلوم ہے کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو نطفے

مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾ وَ

سے پیدا کیا پھر وہ تڑاق پڑاق جھگڑنے لگا۔ اور ہمارے

ضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ

بارے میں مثالیں بیان کرنے لگا اور اپنی پیدائش کو بھول گیا کہنے لگا کہ جب

يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا

ہڈیاں بوسیدہ ہو جائیں گی تو اُن کو کون زندہ کرے گا کہہ دو کہ اُن کو وہ

الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ

زندہ کرے گا جس نے اُن کو پہلی بار پیدا کیا تھا اور وہ سب قسم کا پیدا کرنا

وقف لازم

عَلِيْمُ ﴿٧٩﴾ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ

جانتا ہے (وہی) جس نے تمہارے لیے سبز درخت سے آگ

الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿٨٠﴾

پیدا کی پھر تم اس (کی گٹھنیوں کو رگڑ کر ان) سے آگ نکالتے ہو

اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

بھلا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا

بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ۙ وَ

کیا وہ اس بات پر قادر نہیں کہ (ان کو پھر) ویسے ہی پیدا کر دے کیوں نہیں اور

هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿٨١﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ

وہ تو بڑا پیدا کرنے والا اور علم والا ہے اس کی شان یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا

شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٨٢﴾ فَسُبْحٰنَ

ارادہ کرتا ہے تو اس سے فرما دیتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے۔ وہ (ذات)

الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّ

پاک ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے اور اسی

اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٣﴾ ع

کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے

سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّاَرْبَعُ رُكُوْعَاتٍ

سورۃ فتح مدنی ہے اس میں انتیس آیتیں اور چار رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۙ﴿۱﴾ لِّيَغْفِرَ لَكَ

(اے محمدؐ) ہم نے تم کو فتح دی فتح بھی صریح اور صاف تاکہ خدا

اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَ

تمہارے لگے اور پچھلے گناہ بخش دے اور تم پر

يُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا

اپنی نعمت پوری کر دے اور تمہیں سیدھے رستے

مُّسْتَقِيْمًا ۙ﴿۲﴾ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ﴿۳﴾

چلائے اور خدا تمہاری زبردست مدد کرے

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ

وہی تو ہے جس نے مومنوں کے دلوں پر تسلی نازل

الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ؕ

فرمائی تاکہ اُن کے ایمان کے ساتھ اور ایمان بڑھے

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

اور آسمانوں اور زمین کے لشکر (سب) خُدا ہی کے ہیں اور خدا جاننے والا

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿۴﴾ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِيْنَ

(اور) حکمت والا ہے۔ (یہ) اس لیے کہ وہ مومن مَردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

اور مومن عورتوں کو بہشتوں میں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ

ہیں داخل کرے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے اور اُن کے گناہوں کو دُور

سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ فَوْزًا

کر دے اور یہ خُدا کے نزدیک بڑی کامیابی

عَظِيْمًا ۙ﴿۵﴾ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ

ہے اور (اس لیے کہ) منافق مَردوں اور منافق عورتوں

وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ

اور مُشرک مَردوں اور مُشرک عورتوں کو جو خدا کے حق میں بُرے

ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ

بُرے خیال رکھتے ہیں عذاب دے اُنہی پر بُرے حادثے واقع ہوں اور خُدا اُن

اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ

پر غصے ہوا اور ان پر لعنت کی اور اُن کے لیے دوزخ تیار کی

وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝٦ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ ۱۱

اور وہ بُری جگہ ہے۔ اور آسمانوں اور زمین کے لشکر خدا ہی

وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝٧ اِنَّآ

کے ہیں اور خُدا غالب (اور) حکمت والا ہے۔ (اور) ہم

اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝٨ ۱۱

نے (اے محمدؐ) تم کو حق ظاہر کرنے والا اور خوشخبری سنانے والا اور خوف دلانے والا (بنا کر)

لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ

بھیجا ہے۔ تاکہ (مسلمانو) تم لوگ خدا پر اور اس کے پیغمبر پر ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو

وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝٩ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور اس کو بزرگ سمجھو۔ اور صبح و شام اس کی تسبیح کرتے رہو جو لوگ تم سے

يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ

بیعت کرتے ہیں وہ خدا سے بیعت کرتے ہیں خُدا کا ہاتھ

فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ

اُن کے ہاتھوں پر ہے پھر جو عہد کو توڑے تو عہد توڑنے کا

عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ

نقصان اسی کو ہے اور جو اس بات کو جس کا اُس نے خدا سے عہد کیا ہے

اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۰﴾ سَيَقُوْلُ ع ۱۰ ۹

پورا کرے تو وہ اسے عنقریب اجر عظیم دے گا ۔ جو گنوار پیچھے رہ گئے

لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ

وہ تم سے کہیں گے کہ ہم کو ہمارے مال اور اہل و عیال نے

اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ

روک رکھا آپ ہمارے لیے (خُدا سے) بخشش مانگیں یہ لوگ اپنی

بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۭ قُلْ

زبان سے وہ بات کہتے ہیں جو اُن کے دل میں نہیں ہے کہہ دو

فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ

کہ اگر خدا تم (لوگوں) کو نقصان پہنچانا چاہے یا فائدہ پہنچانے کا ارادہ

اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۭ بَلْ

فرمائے تو کون ہے جو اس کے سامنے تمہارے لیے کسی بات کا کچھ اختیار رکھے (کوئی نہیں)

كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۱﴾ بَلْ

بلکہ جو کچھ تم کرتے ہو خدا اس سے واقف ہے بات یہ ہے

ظَنَنتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

کہ تم لوگ یہ سمجھ بیٹھے تھے کہ پیغمبر اور مومن اپنے اہل وعیال میں کبھی

اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِىْ قُلُوْبِكُمْ

لَوٹ کر آنے ہی کے نہیں اور یہی بات تمہارے دلوں کو اچھی معلوم

وَظَنَنتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۖ وَكُنتُمْ قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿۱۲﴾

ہوئی اور (اسی وجہ سے) تم نے بُرے بُرے خیال کیے اور (آخرکار) تم ہلاکت میں پڑ گئے۔

وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ

اور جو شخص خُدا پر اور اس کے پیغمبر پر ایمان نہ لائے تو ہم نے (ایسے)

اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ﴿۱۳﴾ وَلِلّٰهِ مُلْكُ

کافروں کے لیے آگ تیار کر رکھی ہے اور آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ

زمین کی بادشاہی خدا ہی کی ہے وہ جسے چاہے بخشے اور

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا

جسے چاہے سزا دے اور خُدا بخشنے والا مہربان

رَّحِيْمًا ﴿۱۴﴾ سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ

ہے جب تم لوگ غنیمتیں لینے چلوگے تو جو لوگ پیچھے رہ

إِلَىٰ مَغَانِمَ لِتَأْخُذُوهَا ذَرُونَا نَتَّبِعْكُمْ ۚ

گئے تھے وہ کہیں گے ہمیں بھی اجازت دیجئے کہ آپ کے ساتھ چلیں

يُرِيدُونَ أَنْ يُبَدِّلُوا كَلَامَ اللَّهِ ۚ قُلْ لَنْ

یہ چاہتے ہیں کہ خُدا کے قول کو بدل دیں کہہ دو کہ تم ہرگز

تَتَّبِعُونَا كَذَٰلِكُمْ قَالَ اللَّهُ مِنْ قَبْلُ ۚ

ہمارے ساتھ نہیں چل سکتے اسی طرح خدا نے پہلے سے فرما دیا ہے

فَسَيَقُولُونَ بَلْ تَحْسُدُونَنَا ۚ بَلْ كَانُوا

پھر کہیں گے (نہیں) تم تو ہم سے حسد کرتے ہو بات یہ ہے کہ یہ

لَا يَفْقَهُونَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿١٥﴾ قُلْ لِلْمُخَلَّفِينَ

لوگ سمجھتے ہی نہیں مگر بہت کم جو گنوار پیچھے رہ گئے تھے

مِنَ الْأَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ إِلَىٰ قَوْمٍ أُولِي

ان سے کہہ دو کہ تم جلد ایک سخت جنگجو قوم کے (ساتھ لڑائی کے) لیے بُلائے جاؤ

بَأْسٍ شَدِيدٍ تُقَاتِلُونَهُمْ أَوْ يُسْلِمُونَ ۚ

گے ان سے تم (یا تو) جنگ کرتے رہو گے یا وہ اسلام لے آئیں گے۔

فَإِنْ تُطِيعُوا يُؤْتِكُمُ اللَّهُ أَجْرًا حَسَنًا ۚ وَ

اگر تم حکم مانو گے تو خُدا تم کو اچھا بدلہ دے گا اور

اِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ

اگر منہ پھیرو گے جیسے پہلی دفعہ پھیرا تھا تو وہ تم کو بُری

عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶﴾ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّ

تکلیف کی سزا دے گا نہ تو اندھے پر گناہ ہے (کہ سفرِ جنگ سے پیچھے رہ

لَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ

جائے) اور نہ لنگڑے پر گناہ ہے اور نہ بیمار پر گناہ

حَرَجٌ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ

ہے اور جو شخص خُدا اور اُس کے پیغمبر کے فرمان پر چلے گا خُدا اُس

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ

کو بہشتوں میں داخل کرے گا جن کے تلے نہریں بہہ رہی ہیں اور جو

يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾ ع لَقَدْ رَضِيَ ۲۷ ع ۱۰

رُوگردانی کرے گا اُسے بُرے دُکھ کی سزا دے گا (اے پیغمبر) جب

اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ

مومن تم سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے تو خُدا اُن

الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ

سے خوش ہُوا اور جو (صدق و خلوص) ان کے دلوں میں تھا وہ اس نے

السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا ﴿١٨﴾

معلوم کر لیا تو اُن پر تسلّی نازل فرمائی اور انہیں جلد فتح عنایت کی

وَّمَغَانِمَ كَثِيرَةً يَّاْخُذُونَهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ

اور بہت سی غنیمتیں جو انہوں نے حاصل کیں اور خُدا غالب

عَزِيزًا حَكِيمًا ﴿١٩﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ

حکمت والا ہے خدا نے تم سے بہت سی غنیمتوں کا وعدہ

كَثِيرَةً تَاْخُذُونَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ

فرمایا کہ تم اُن کو حاصل کرو گے سو اس نے غنیمت کی تمہارے لیے

وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ وَلِتَكُونَ اٰيَةً

جلدی فرمائی اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیئے غرض یہ تھی کہ یہ

لِّلْمُؤْمِنِينَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ﴿٢٠﴾

مومنوں کے لیے (خُدا کی) قدرت کا نمونہ ہو اور وہ تم کو سیدھے رستے پر چلائے۔

وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ

اور اَور (غنیمتیں دیں) جن پر تم قدرت نہیں رکھتے تھے (اور) وہ خُدا ہی کی

اللّٰهُ بِهَا ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرًا ﴿٢١﴾

قدرت میں تھیں ۔ اور خُدا ہر چیز پر قادر ہے۔

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا

اور اگر تم سے کافر لڑتے تو پیٹھ پھیر کر بھاگ

الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا

جاتے پھر کسی کو نہ دوست پاتے اور نہ

نَصِيْرًا ﴿۲۲﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ

مددگار (یہی) خدا کی عادت ہے جو پہلے سے

مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ

چلی آتی ہے اور تم خدا کی عادت کبھی بدلتی

تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ

نہ دیکھو گے اور وہی تو ہے جس نے تم کو ان (کافروں) پر

عَنْكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ

فتح یاب کرنے کے بعد سرحدِ مکہ میں ان کے ہاتھ تم سے

مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ وَ

اور تمہارے ہاتھ ان سے روک دیئے اور جو کچھ

كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾ هُمُ

تم کرتے ہو خدا اس کو دیکھ رہا ہے۔ یہ وہی

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ

لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تم کو مسجد حرام سے

الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ

روک دیا اور قربانیوں کو بھی کہ اپنی جگہ پہنچنے سے رُکی

مَحِلَّهٗ ؕ وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَنِسَآءٌ

رہیں اور اگر ایسے مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں نہ

مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ تَطَـُٔوْهُمْ

ہوتیں جن کو تم جانتے نہ تھے کہ اگر تم ان کو پامال کر دیتے تو

فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ

تم کو اُن کی طرف سے بے خبری میں نقصان پہنچ جاتا (تو ابھی تمہارے ہاتھ سے فتح

لِيُدْخِلَ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ

ہو جاتی مگر تاخیر) اس لیے (ہوئی) کہ خدا اپنی رحمت میں جس کو چاہے داخل کرے

لَوْ تَزَيَّلُوْا لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اور اگر دونوں فریق الگ الگ ہو جاتے تو جو اُن میں کافر تھے اُن کو ہم دُکھ

مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۲۵﴾ اِذْ جَعَلَ

دینے والا عذاب دیتے جب کافروں نے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ

اپنے دلوں میں ضد کی اور ضد

حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ

بھی جاہلیت کی تو خُدا نے اپنے پیغمبر اور

عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَلْزَمَهُمْ

مومنوں پر اپنی طرف سے تسکین نازل فرمائی اور اُن کو

كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَ

پرہیزگاری کی بات پر قائم رکھا اور وہ اسی کے مستحق اور اہل

اَهْلَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۲۶﴾ ع ۳ ۹ ۱۱

تھے اور خُدا ہر چیز سے خبردار ہے

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا

بے شک خُدا نے اپنے پیغمبر کو سچّا (اور) صحیح

بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

خواب دکھایا کہ تم اگر خُدا نے چاہا تو مسجدِ حرام میں

اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ

اپنے سر منڈوا کر اور اپنے بال کتروا کر امن وامان سے

وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ

داخل ہو گے اور کسی طرح کا خوف نہ کرو گے جو بات تم نہیں جانتے تھے

تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا

اس کو معلوم تھی سو اس نے اس سے پہلے ہی جلد فتح

قَرِيْبًا ﴿٢٧﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى

کرا دی وہی تو ہے جس نے اپنے پیغمبر کو ہدایت (کی کتاب) اور دین

وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ

حق دے کر بھیجا تاکہ اس کو تمام دینوں پر غالب

كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿٢٨﴾ مُحَمَّدٌ

کرے اور حق ظاہر کرنے کے لیے خدا ہی کافی ہے محمدؐ خدا

رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ

کے پیغمبر ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کافروں

عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ

کے حق میں تو سخت ہیں اور آپس میں رحم دل (اے دیکھنے والے) تو اُن کو

رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ

دیکھتا ہے کہ (خدا کے آگے) جھکے ہوئے سربسجود ہیں اور خُدا کا فضل اور اس کی

وَرِضْوَانًا ۫ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ

خوشنودی طلب کر رہے ہیں (کثرت) سجود کے اثر سے اُن کی پیشانیوں پر

اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚۖ

نشان پڑے ہوئے ہیں ان کے یہی اوصاف تورات میں (مرقوم) ہیں

وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚۛ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ

اور یہی اوصاف انجیل میں ہیں (وہ) گویا ایک کھیتی ہیں جس

شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى

نے (پہلے زمین سے) اپنی سوئی نکالی پھر اس کو مضبوط کیا پھر موٹی ہوئی

عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ

اور پھر اپنی نال پر سیدھی کھڑی ہو گئی اور لگی کھیتی والوں کو خوش کرنے

بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

تاکہ کافروں کا جی جلائے جو لوگ اُن میں سے ایمان لائے اور

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ

نیک عمل کرتے رہے اُن سے خدا نے گناہوں کی بخشش

اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ ع

اور اجرِ عظیم کا وعدہ کیا ہے

سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ هِيَ ثَمَانٍ وَّسَبْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورۂ الرحمٰن مدنی ہے اس میں اٹھتر آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلرَّحْمٰنُ ۙ﴿۱﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ﴿۲﴾ خَلَقَ

(خدا جو) نہایت مہربان ، اُسی نے قرآن کی تعلیم فرمائی اُسی نے انسان

الْاِنْسَانَ ۙ﴿۳﴾ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿۴﴾ اَلشَّمْسُ وَ

کو پیدا کیا اُسی نے اُس کو بولنا سکھایا سورج اور چاند ایک

الْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ۬ۙ﴿۵﴾ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ

حساب مقرر سے چل رہے ہیں اور بوٹیاں اور درخت سجدہ

يَسْجُدٰنِ ﴿۶﴾ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ

کر رہے ہیں اور اُسی نے آسمان کو بلند کیا اور ترازو

الْمِيْزَانَ ۙ﴿۷﴾ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ﴿۸﴾ وَاَقِيْمُوا

قائم کی کہ ترازو (سے تولنے) میں حد سے تجاوز نہ کرو اور انصاف

الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ﴿۹﴾

کے ساتھ ٹھیک تولو اور تول کم مت کرو۔

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ﴿١٠﴾ فِيْهَا فَاكِهَةٌ ۙ

اور اُسی نے خلقت کے لیے زمین بچھائی اس میں میوے اور کھجور کے

وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ﴿١١﴾ وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ

درخت ہیں جن کے خوشوں پر غلاف ہوتے ہیں اور اناج کے ساتھ بھُس ہوتا ہے اور

وَالرَّيْحَانُ ﴿١٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٣﴾

خوشبودار پھُول تو (اے گروہ جن وانس) تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾

اُسی نے انسان کو ٹھیکرے کیطرح کھنکھناتی مٹی سے بنایا

وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿١٥﴾ فَبِاَيِّ

اور جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا تو تم اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٦﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ

پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ وہی دونوں مشرقوں اور دونوں

الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٨﴾

مغربوں کا مالک (ہے) تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿١٩﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ

اُسی نے دو دریا رواں کیے جو آپس میں ملتے ہیں دونوں میں ایک آڑ ہے کہ (اس سے)

لَا يَبْغِيٰنِ ﴿۲۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۱﴾

تجاوز نہیں کر سکتے تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۲۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

دونوں دریاؤں سے موتی اور مونگے نکلتے ہیں تو تم اپنے پروردگار کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۳﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَـَٔاتُ فِي

کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ اور جہاز بھی اُسی کے ہیں جو دریا میں

الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۲۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۵﴾ ع ۱۱/۲۵

پہاڑوں کی طرح اُونچے کھڑے ہوتے ہیں تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿۲۶﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ

جو (مخلوق) زمین پر ہے سب کو فنا ہونا ہے اور تمہارے پروردگار ہی کی ذات (بابرکت)

ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۲۷﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

جو صاحبِ جلال و عظمت ہے باقی رہے گی تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۸﴾ يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

جھٹلاؤ گے؟ آسمان اور زمین میں جتنے لوگ ہیں سب اُسی سے مانگتے ہیں

كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ ﴿۲۹﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

وہ ہر روز کام میں مصروف رہتا ہے تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۰﴾ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿۳۱﴾ فَبِاَيِّ

کو جھٹلاؤ گے ؟ اے دونوں جماعتو! ہم عنقریب تمہاری طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ تو تم اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۲﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟ اے گروہ جنّ و انس اگر

اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ

تمہیں قدرت ہو کہ آسمانوں اور زمین کے کناروں سے نکل

وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾

جاؤ تو نکل جاؤ (اور) زور کے سوا تو تم نکل سکنے ہی کے نہیں

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا

تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟ تم پر آگ کے شعلے اور

شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾

دھواں چھوڑ دیا جائے گا تو پھر تم مقابلہ نہ کر سکو گے

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟ پھر جب آسمان پھٹ کر

السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾ فَبِاَيِّ

تیل کی تلچھٹ کی طرح گلابی ہو جائے گا (تو وہ کیسا ہولناک دن ہوگا) تو تم اپنے

الَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ

پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ اُس روز نہ تو کسی انسان سے اُس

عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾ ج فَبِاَيِّ الَآءِ

کے گناہوں کے بارے میں پرسش کی جائے گی اور نہ کسی جنّ سے تو تم اپنے پروردگار کی کون

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ

کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ گنہگار اپنے چہرے ہی سے پہچان لیے جائیں گے

فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾ ج فَبِاَيِّ الَآءِ

تو پیشانی کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ لیے جائیں گے۔ تو تم اپنے پروردگار کی کون

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ

کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ یہی وہ جہنم ہے جسے گنہگار

بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ

لوگ جھٹلاتے تھے وہ دوزخ اور کھولتے ہوئے گرم پانی کے درمیان

حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾ ج فَبِاَيِّ الَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۵﴾ ع وَ

گھومتے پھریں گے تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ اور

ع ۲ ۱۲

لِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾ ج فَبِاَيِّ الَآءِ

جو شخص اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا اس کے لیے دو باغ ہیں۔ تو تم اپنے پروردگار کی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٧﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿٤٨﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟ ان دونوں میں بہت سی شاخیں (یعنی قسم قسم کے میووں کے درخت ہیں) تو

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٩﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿٥٠﴾

تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟ ان میں دو چشمے بہہ رہے ہیں

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥١﴾ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ان میں سب میوے

فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿٥٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٣﴾

دو دو قسم کے ہیں تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ

(اہل جنّت) ایسے بچھونوں پر جن کے استر اطلس کے ہیں تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے

وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿٥٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اور دونوں باغوں کے میوے قریب (جھک رہے) ہیں۔ تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت

تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٥﴾ فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ

کو جھٹلاؤ گے ؟ اُن میں نیچی نگاہ والی عورتیں ہیں جن کو اہلِ جنّت سے

اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿٥٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نے تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی

تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٨﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٥٨﴾

نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟ گویا وہ یاقوت اور مرجان ہیں

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٩﴾ هَلْ جَزَآءُ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ! نیکی کا بدلہ نیکی

الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿٦٠﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

کے سوا کچھ نہیں ہے تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی

تُكَذِّبٰنِ ﴿٦١﴾ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿٦٢﴾ فَبِاَيِّ

نعمت کو جھٹلاؤ گے ! اور اُن باغوں کے علاوہ دو باغ اور ہیں تو تم اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٣﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿٦٤﴾ فَبِاَيِّ

پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے۔ دونوں خوب گہرے سبز تو تم اپنے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٥﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿٦٦﴾

پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ! اُن میں دو چشمے اُبل رہے ہیں

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٧﴾ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ! اُن میں میوے اور

نَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿٦٨﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٦٩﴾

کھجوریں اور انار ہیں تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟

فِيهِنَّ خَيْرَاتٌ حِسَانٌ ﴿۷۰﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ

ان میں نیک سیرت (اور) خوبصورت عورتیں ہیں تو تم اپنے پروردگار کی کون

رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۷۱﴾ حُورٌ مَّقْصُورَاتٌ فِي

کون سی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟ (وہ) حوریں (ہیں جو) خیموں میں

الْخِيَامِ ﴿۷۲﴾ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۷۳﴾

مستور (ہیں) تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَانٌّ ﴿۷۴﴾

اُن کو (اہل جنت سے) پہلے نہ کسی انسان نے ہاتھ لگایا اور نہ کسی جن نے

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۷۵﴾ مُتَّكِئِينَ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ؟ سبز قالینوں

عَلَىٰ رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾

اور نفیس مسندوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے

فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ﴿۷۷﴾ تَبَارَكَ

تو تم اپنے پروردگار کی کون کونسی نعمت کو جھٹلاؤ گے ! (اے محمدؐ) تمہارا

اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ ﴿۷۸﴾ ع ۳ ۳ ۱۳

پروردگار جو صاحبِ جلال و عظمت ہے اُس کا نام بڑا بابرکت ہے

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتٌّ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

سورہ واقعہ مکّی ہے اس میں چھیانوے آیتیں اور تین رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع خُدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۙ﴿۱﴾ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا

جب واقع ہونے والی واقع ہو جائے اُس کے واقع ہونے میں کچھ

كَاذِبَةٌ ۛ﴿۲﴾ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۙ﴿۳﴾ اِذَا رُجَّتِ

جھوٹ نہیں۔ کسی کو پست کرے کسی کو بلند جب زمین بھونچال سے

الْاَرْضُ رَجًّا ۙ﴿۴﴾ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۙ﴿۵﴾

لرزنے لگے اور پہاڑ ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جائیں

فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۙ﴿۶﴾ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا

پھر غبار ہو کر اڑنے لگیں اور تم لوگ تین قسم

ثَلٰثَةً ؕ﴿۷﴾ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ

ہو جاؤ تو داہنے ہاتھ والے (سُبحان اللہ) داہنے ہاتھ والے کیا

الْمَيْمَنَةِ ؕ﴿۸﴾ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ

(ہی چین میں) ہیں اور بائیں ہاتھ والے (افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا

الْمَشْئَمَةِ ﴿۹﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ﴿۱۰﴾ لا اُولٰٓئِكَ

(گرفتارِ عذاب) ہیں اور جو آگے بڑھنے والے ہیں (اُن کا کیا کہنا) وہ آگے ہی بڑھنے والے ہیں وہی

الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۱۱﴾ ج فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۱۲﴾ ثُلَّةٌ

(خدا کے) مقرب ہیں نعمت کے بہشتوں میں وہ بہت سے

مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾ لا وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۴﴾ ط

تو اگلے لوگوں میں سے ہوں گے اور تھوڑے سے پچھلوں میں سے

عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ﴿۱۵﴾ لا مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا

(لعل و یاقوت وغیرہ سے) جڑے ہوئے تختوں پر آمنے سامنے تکیہ لگائے

مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿۱۶﴾ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ

ہوئے ۔ نوجوان خدمت گزار جو ہمیشہ (ایک ہی حالت میں) رہیں گے اُن کے

مُّخَلَّدُوْنَ ﴿۱۷﴾ لا بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ

آس پاس پھریں گے یعنی آبخورے اور آفتابے اور صاف شراب

مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۱۸﴾ لا لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا

کے گلاس لے لے کر اس سے نہ تو سر میں درد ہو گا اور نہ اُن کی عقلیں

يُنْزِفُوْنَ ﴿۱۹﴾ لا وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿۲۰﴾ لا وَ

زائل ہوں گی اور میوے جس طرح کے اُن کو پسند ہوں اور

لَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿۲۲﴾

پرندوں کا گوشت جس قسم کا اُن کا جی چاہے ، اور بڑی بڑی آنکھوں والی حُوریں

كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿۲۳﴾ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا

جیسے (حفاظت سے) تہہ کئے ہوئے (آبدار) مُوتی یہ اُن اعمال کا بدلہ ہے

يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿۲۵﴾

جو وہ کرتے تھے وہاں نہ بیہودہ بات سُنیں گے اور نہ گالی گلوچ

اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿۲۶﴾ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ

ہاں اُن کا کلام سلام سلام (ہوگا) اور داہنے ہاتھ والے (سبحان اللہ)

مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ﴿۲۷﴾ فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ﴿۲۸﴾

داہنے ہاتھ والے کیا (ہی عیش میں) ہیں (یعنی) بے خار کی بیریوں

وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ﴿۲۹﴾ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ﴿۳۰﴾ وَّمَآءٍ

اور تہہ بہ تہہ کیلوں اور لمبے لمبے سایوں اور پانی

مَّسْكُوْبٍ ﴿۳۱﴾ وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ﴿۳۲﴾ لَّا مَقْطُوْعَةٍ

کے جھرنوں اور میوہ ہائے کثیرہ (کے باغوں) میں جو نہ کبھی ختم ہوں اور

وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ﴿۳۳﴾ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ﴿۳۴﴾ اِنَّآ

نہ اُن سے کوئی روکے اور اُونچے اُونچے فرشوں میں ہم نے

اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ۙ﴿۳۵﴾ فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ۙ﴿۳۶﴾

اُن (حوروں) کو پیدا کیا ، تو اُن کو کنواریاں بنایا

عُرُبًا اَتْرَابًا ۙ﴿۳۷﴾ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ؕ﴿۳۸﴾ ثُلَّةٌ ع ۱

(اور شوہروں کی) پیاریاں اور ہم عمر داہنے ہاتھ والوں کے لیے (یہ) بہت ۱۴

مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۙ﴿۳۹﴾ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ؕ﴿۴۰﴾ وَ

سے تو اگلے لوگوں میں سے ہیں اور بہت سے پچھلوں میں سے اور

اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ؕ﴿۴۱﴾

بائیں ہاتھ والے (افسوس) بائیں ہاتھ والے کیا (ہی عذاب میں) ہیں

فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ۙ﴿۴۲﴾ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ۙ﴿۴۳﴾

(یعنی دوزخ کی) لپٹ اور کھولتے ہوئے پانی میں اور سیاہ دھوئیں کے سائے میں

لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ۙ﴿۴۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ

(جو) نہ ٹھنڈا (ہے) اور نہ خوش نما یہ لوگ اس سے پہلے عیش نعیم میں پڑے

